سلہ قصد اُن کا الخ ۵ شعر اُن کا ارادہ تھا کہ مسلمان غم کھائے اور شب اُسپر فاقہ مین گذرے وہ مغلوب تسلیم و رضا سے تھے کہا کہ سنا و مانا جو تم کہو پس وہ رات کو سوئے اور پھر اُٹھے اور صبح کو وہ سب آراستہ ہوئے ہر ایک نے اپنا ہاتھ مُنھ دھویا اور اپنے دین کے ورد پڑھنے لگے وردون کی طرف متوجہ رہے اور حق سے چاہتے فضل کے رہے باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲ سلہ مومن الخ ۷ شعر مومن و ترسا و جہود و مغ بیچے سب کا مُنھ اُس سلطان کی جانب ہے مومن و ترسا و جہود و نیک و بد سب اپنا منھ جانب احد رکھے ہین بلکہ سنگ و خاک و کوہ و آب کا لوٹنا آخر ہے پوشیدہ جانب خدا کے یہ بات بے انتہا ہے وہ تینون باہم مخاطب ہوئے یار کی مانند ایک نے کہا کہ ہر ایک اپنے خواب کو جو کل کی شب دیکھا ہے کہو وہ حلوا کھائے جس کا خواب سوا ہو اور حصہ فاضل ہوئے ہر مفضول کا جو کوئی عقل کے اندر سوا ہو اس کا کھانا ہر ایک کا کھانا ہو باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲ سلہ جان پر انوار الخ ۸ شعر اس کی جان پر انوار فوق ہے باقیون کو اس کی خدمت کرنا چاہیے آگے اس کے حقائق ہین جو عاقلون کو بقا آئی ہے مدام پس معنی مین یہ جہان باقی دوام پس جہود نے جو شب کو دیکھا تھا اور روح کی گردش جہانتک تھی کہا کہ مجکو راہ مین موسیٰ علیہ السلام ملے کہ بلی خواب مین دُنبہ دیکھتی ہے مین پیچھے موسیٰ علیہ السلام کے کوہ طور تک گیا اور ہم تینون تن نور مین پوشیدہ ہوگئے تینون سایہ خورشید سے محو ہوگئے اور بعد اس نور سے ایک دروازہ کھلا باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲

هر سه سایه محو خورشید زان آفتاب	بعد ازان زان نور یک شد فتحیاب	ہر سہ سایہ محو خورشید ہو گیا	بعد ازان اُس نور سے اک دکھلا
نور دیگر در دل آن نور رست	پس ترقی جست آن ثانی ورست	نور اور اُس نور کے دل میں اُگا	پس بڑھا وہ اور وہ ثانی گھٹا
هم من و هم موسی و هم کوه طور	هر سه گم گشتیم از اشراق نور	میں ہی موسیٰ اور میں ہی کوہ طور	ہو گئے گم تینوں اندر شرق نور
بعد ازان دیدم که سه شاخ شد	چونکه نور حق دره نفاخ شد	دیکھا کہ پُر تن وہ شاخ آخر بنا	نور حق نفاخ جو اُس میں ہوا
وصف هیبت چون تجلی زد برو	می شکست از هم همی شد سو بسو	وصف ہیبت نے تجلی اُسپہ کی	ٹوٹیں آپس سے گئیں ہر سو بھی
زان یکی شاخی که آمد سوی یم	گشت شیرین آب تلخ همچو سم	شاخ آئی اُس کی اک دریا کی سو	کر دیا بس شیریں آب تلخ کو
وان دگر شاخش فرو شد در زمین	چشمهٔ زاد در برون آمد معین	دوسری شاخ اک گئی اندر زمین	پیدا اک چشمہ سے ہوا آب معین
که شفای جمله رنجوران شد آب	از همایونی وحی مستطاب	کہ مریضوں کا ہوا شافی وہ آب	باعث الطاف وحی آفتاب
وان یکی شاخ دگر پریده زود	تا جوار کعبه که عرفات بود	تیسری[۵۲] شاخ اک گئی اندر زمین	جانب عرفات کعبہ وہ گئی
باز ازان صعقه چو با خود آمدم	طور بر جا نه نه افزون نه کم	ہوش اُس صعقہ سے جو آیا مجھے	طور کو ویسے ہی دیکھا جا پہ
لیک زیر پای موسی همچو یخ	می گداز دید و نماندش شاخ و شخ	لیک زیر پائے موسیٰ مثل یخ	گلتی تھی اور نہ رہی وہ شاخ شخ
با زمین هموار شد که از نهیب	گشت بالایش ازان هیبت نشیب	کوہ ہموار زمین ڈر سے ہوا	ہوئی بلندی پست ڈر سے ظاہرا
باز با خود آمدم زان انتشار	باز دیدم طور و موسی برقرار	ہوش اُس وحشت سے پھر مجکو ہوا	طور اور موسیٰ کو دیکھا اپنی جا
وان بیابان سربسر در ذیل کوه	پر خلایق شکل موسی باشکوه	دامن کُہ میں بیابان ایک تھا پر	خلق سے ہم شکل موسیٰ اور در
چون عصا و خرقه او خرقه شان	جمله سوی طور خوش دامنکشان	انکا[۵۳] خرقہ اسکے جون خرقہ و عصا	طور کی سو خوش روان ہر ایک تھا
جمله کفها در دعا افراخته	نعرهٔ ارنی بهم در ساخته	اور اُٹھائے سب نے تھے دست دعا	لب پہ ارنی کی تھی انکے بس صدا
باز آن غشیان چو از من رفت زود	صورت هر یک دگرگونم نمود	پھر غشی وہ جلد مجھ سے جو گئی	صورت ہر اک کی مجھے اور ہی دکھی

سـ۵۱ نور اور آگے ۲ شعر ایک اور نور اُس نور کے دل میں اُگا پس وہ بڑھا اور وہ ثانی گھٹا میں بھی اور موسیٰ علیہ السلام بھی اور کوہ طور بھی ہم تینوں گم ہو گئے شرق نور میں دیکھا کہ پھر کوہ طور آخر میں شاخ بنا نور حق نفاخ جو اس میں ہوا اور وصف ہیبت نے اُسپر تجلی کی آپس سے ٹوٹیں اور سب ہر سو گئیں ایک شاخ اس کی دریا کی طرف آئی کہ دریا کے آب تلخ کو شیریں کر دیا دوسری شاخ زمین میں گئی چشمہ سے پیدا ہوا آب معین کہ وہ آب مریضوں کو شافی ہوا باعث الطاف ذی مستطاب کے باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲ سـ۵۲ تیسری آگے ۶ شعر تیسری شاخ جانب عرفات جلدی سے اُڑی اور کعبہ گئی جو ہوش اس بیہوشی سے مجھے آیا طور کو ویسے ہی اپنی جا پر دیکھا ولیکن زیر پائے موسیٰ یخ کے مانند گلتی تھی اور نہ رہی وہ شاخ کہ برابر زمین کے خوف سے ہوا اور بلندی پست ہوئی خوف سے ظاہرا پھر مجکو ہوش وحشت سے ہوا طور و موسیٰ کو اپنی جا پر دیکھا دامن کوہ میں ایک بیابان پُر تھا خلق سے ہم شکل موسیٰ کے اور کے مانند باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲ سـ۵۳ انکا خرقہ آگے ۹ شعر اُن کا خرقہ مانند خرقہ و عصا موسیٰ علیہ السلام کے طور کی جانب ہر ایک خوش روان تھا اور سب نے دست دعا اُٹھائے تھے اور اُنکے لب پہ صدا ارنی کی تھی پھر وہ غشی جو مجھ سے جاتی رہی ہر ایک کی صورت مجھے اور ہی دکھی ۔ انبیا تھے اہل دل کہ اُس وقت میں سے جانا تھا انبیا کا اتحاد پھر ملائک میں سے دیکھے کہ صورتیں انکی تھیں اجرام برف سے دوسرے ملائک مستغین کہ صورتیں اُن کی جملہ آتشین سـ۵۴ دو یہودی اس طور سے حال کہتا تھا پس اکثر یہودی ہیں کہ انجام کو نزش گئے ہیں آگے اسکے حقائق ہیں اب تو کسی کا ذکر خوارت دیکھو و مسلمان مرے و نیک ہووے تو اسکے انجام سے کیا خبر رکھتا ہے کہ جو تو بالکل نفرت اُس سے کرتا ہے یعنی مولانا اس خواب کے پیرایہ میں سیر سالک کاملین کی فرماتے ہیں اور یہ بھی تعلیم کرتے ہیں کہ بعضے کفار بھی بولایت وہی اس طور سے کمال کو پہنچے ہیں آگے دوسرے ترسا کا خواب بیان ہے فافہم ۱۲

انبیا بودند ایشان اہل دل　　اتحاد انبیا ام فہم شد
باز املاکی ہمی دیدم شگرف　　صورت ایشان بُدز اجرام برف
حلقۂ دیگر ملائک مستعین　　صورت ایشان ہمہ بُدآتشین
زین نمط میگفت احوال آن جہود　　بس جہودی کاخرش محمود بود
ہیچ کافر را بخواری منگرید　　کہ مسلمان مُردنش باشد امید
چہ خبر داری ز ختم عمر او　　تا بگردانی ازو یکبارہ رو
بعد ازان ترسا درآمد در کلام　　کہ مسیحم رو نمود اندر منام
من شدم با او بچارم آسمان　　مرکز و مثوای خورشید جہان
خود عجب ہای قلاع آسمان　　نسبتش نبود بہ آیات جہان
ہر کسی داند ایا فخر البنین　　کہ فزون باشد فن چرخ از زمین

انبیا وہ سب تھے بس اہل ولا　　مین نے جانا اتحادِ انبیا
پھر ملائک مین نے دیکھے بس شگرف　　صورتین انکی تھین با اجرام برف
دوسرے دیکھے ملائک مستعین　　صورتین انکی تھین جملہ آتشین
وہ جہودی کہتا حال اس طور سے　　ہین جہود اکثر کہ آخر خوش گئے
مت کسی کافر کو دیکھ اب خوار تو　　کہ مرے مسلم وہ اور ہووے نکو
تو خبر کیا اُس کی آخر سے رکھے　　جو کہ نفرت اُس سے بالکل تو کرے
بعدہٗ ترسا[۱] لگا کرنے کلام　　کہ مسیح کو دیکھا مین اندر منام
چرخ چوتھے پہ مین ساتھ انکے گیا　　شمس عالم کا ہے مرکز اور جا
ہے عجب تحقیق قلعۂ آسمان　　نسبت اُسکی کب ہو آیات جہان
جانتا ہے ہر کوئی اے مشفقا　　کہ زمین سے چرخ کی فن ہین سوا

حکایت شتر و گاو و قچ کہ بندی گیاہ در راہ یافتند

حکایت شتر و گاو و مینڈھے کی کہ راہ مین پولہ گھانس کا پایا

اشتر و گاو و قچی در پیش راہ　　یافتند اندر روش بندِ گیاہ
گفت قچ بخش ار کنیم این را یقین　　ہیچکس از ما نگردد سیر ازین
لیک عمر ہر کہ باشد بیشتر　　این علف او را ست اولیٰ گو بخور
کہ اکابر را مقدم داشتن　　آمدہ است از مصطفیٰؐ اندر سنن
گرچہ پیران را درین دوران لئام　　در دو موضع پیش میدارند عام
یا در آن لوتی کہ آن سوزان بود　　یا بر آن پل کز خلل ویران بود
خدمت شیخی بزرگی قائدے　　عام نادر بے قرینہ فاسدے

اونٹ و مینڈھے بیل کو ڈر مین ملا　　چلتے چلتے ایک پولا کاہ کا
بولا مینڈھا حصہ گر اس کا کرین　　کوئی ہو سیر اک ہم مین نہین
لیک ہم مین عمر ہو جس کی سوا　　اُس کو ہے اس گھاس کا کھانا روا
کہ بزرگون کو مقدم رکھتے ہین　　مصطفےٰ سے آئی ہین یہ سنتین
گرچہ پیرون کو لئیم اس دور مین　　دو جگہ مین آگے رکھتے عام مین
یا کہ اُس کھانے مین جو سوزان ہو　　یا کہ اُس پل پر جو پُر نقصان ہو
اور بزرگ و شیخ کی بس خدمتین　　عام بے آفت کے آئے کب کرین

[۱] بعدہٗ ترسا الخ ۲۸ شعر بعدہ ترسا کلام کرنے لگا کہ مجھ کو مسیح خواب مین دکھے مین اُن کے ساتھ چوتھے آسمان پر گیا کہ شمس عالم کا مرکز اور جا ہے عجب تحقیق قلعۂ آسمان ہے اس کی نسبت کب نشانیان جہان کی ہون ہر کوئی جانتا ہے کہ زمین سے کہے فن سوا ہین یعنی آسمان زمین سے بمرتبہ بلندی مین جیسے اشتر گاو و مینڈھے سے بڑا ہے آگے اس کا بیان ہے فافہم ۱۲ [۲] اونٹ الخ ۷ شعر اونٹ و مینڈھے و بیل کو ایک پولا کاہ کا چلتے چلتے راہ مین ملا مینڈھے نے کہا کہ اگر اسکا حصہ کرین تو ہم تینون مین ایک بھی سیر نہ ہووے ولیکن ہم تینون سے جس کی عمر بڑی ہو اُس کو اس گھاس کا کھانا روا ہے کہ بزرگون کو مقدم رکھتے ہین اور سنت مصطفےٰ سے آئی ہے آگے حقائق ہین اگرچہ لئیم بوڑھون کو اس دور مین دو جگہ آگے رکھتے ہین یا کہ اس کھانے مین کہ جو سوزان ہو یا کہ اُس پل پر جو پُر نقصان ہو اور بزرگ و شیخ کی خدمتین عام بے آفت آئے کب کرین یعنی عام لوگ خدمت بزرگون کی ہنگام آفت آنے کے کرتے ہین آگے اس کی مثال مین قصہ صورت پرستون کا فرماتے ہین فافہم ۱۲

گاو گفته بود ه ام من سال خورد | جفت آن گاوم کش آدم جفت کرد
جفت آن گاوم که آدم جد خلق | در زراعت بر زمین میکرد فلق
می شنید این گاو و قچ اشتر شگفت | سر فرود آورد و آن را برگرفت
بر هوا برداشت آن بند قصیل | اشتر بختی سبک بے قال و قیل
که مرا خود حاجت تاریخ نیست | کاینچنین جسمی و عالی گردنیست
خود همه کس داند ای جان پدر | که نباشم از شما من خورد تر
داند این را هر که ز اصحاب نهاست | که نهاد من فزون تر از شماست
جملگان دانند کاین چرخ بلند | هست صد چندانکه این خاک نژند
کو کشاده قلعه هائے آسمان | کو نهاد بقعه هائے خاکدان
۵۲ پس مسلمان گفت کای یاران من | پیش شد مصطفی سلطان من
سید سادات سلطان نبیل | مفخر کونین و هادی سبیل

بیل بولا مین ہون بوڑھا کہ مری | جوڑی آدم نے کری اُس بیل کی
جوڑی ہون اُس بیل کا آدم نے جو | ہل مین جوتا تھا زمین پر کشت کو
۵۱ اونٹ نے جو بیل و مینڈھے سے سنا | سر جھکایا اپنا اور اُس کو لیا
اور اُٹھایا او نچا پولا گھاس کو | جلد تر اُس اونٹ نے بے گفتگو
کہ مجھے حاجت نہین تاریخ کی | کہ بڑا ہے جسم اور گردن مری
جانتے ہین سب مجھے خود ای پسر | کہ نہین ہون تم سے مین ہرگز خورد تر
اُسکو جانے ہے جو ہو صاحب ذکا | کہ مرا ہے جسم تم سب سے بڑا
جانتے سب ہین کہ یہ چرخ عُلا | ہے کئی درجہ زمین سے بس بڑا
پس کہان قلعہ فلک کا بسط ہین | اور کہان فرش زمین کا خانہ تن
پس مسلمان بولا ای یارو مرے | پاس آئے مصطفی خوش خو مرے
سید کونین سلطان زمان | مفخر دارین و ہادی جہان

رجوع به تقریر ترسا و نوبت رسیدن بمسلمان

رجوع طرف تقریر ترسا کے اور نوبت پہونچنے مسلمان کی

پس مرا گفت آن نبی بر طور تاخت | با کلیم الله و نرد عشق باخت
وان دگر را عیسی صاحب قران | برد بر اوج چهارم آسمان
خیز ای پس مانده دیده ضرر | باری این حلوای یخنی را بخور
آن هنرمندان پر فن راندند | نامهٔ اقبال و منصب خواندند
آن دو فاضل فضل خود دریافتند | با ملائک فضل خود را یافتند

بس کہا مجکو گیا اک طور پر | اس کلیم حق کے ہمرہ عشق کر
دوسرے کو وہ مسیح باحیا | آسمان چوتھے پہ ہمرہ لیگیا
اُٹھ تو اے آفت رسیدہ در بلا | شوق سے اس یخنۂ حلوے کو کھا
۵۳ وہ ہنرمند اہل پُرفن تو گئے | نامۂ اقبال و منصب پڑھ گئے
فضل اپنا دونون فاضل نے لیا | فضل کو ہمسر ملائک کے کیا

۵۱ اونٹ نے الخ ۹ شعر اونٹ نے جو بیل و مینڈھے سے سُنا سر اپنا جھکایا اور اُس پولہ گھاس کو اونچا اٹھایا جلد اُس اونٹ نے بغیر گفتگو کے کہ مجکو حاجت تاریخ کی نہین کہ میرا جسم و گردن بڑی ہے مجھے خود سب جانتے ہین کہ تم سے نہین ہون خورد تر جو صاحب ذکا ہو وہ اس کو جانتا ہے کہ میرا جسم تم سے بڑا ہے آگے رجوع بقصہ حقائق جواب ترسا ہے یہ سب جانتے ہین کہ یہ آسمان کئی درجہ زمین سے بڑا ہے پس کہان قلعہ فلک کا بسط ہین اور کہان فرش زمین کا خانۂ تن پس مسلمان نے کہا کہ اے میرے پیارے پاس مصطفی صلعم خوشخو آئے سید کونین سلطان زمان مفخر دارین اور ہادی جہان آگے جواب مسلمان کا ہے فافہم ۱۲ ۵۲ پس کہان الخ ۳ شعر پس مجکو مصطفی صلعم نے فرمایا کہ ایک طور پر گیا اُس کلیم حق کے ہمراہ عشق کرکے دوسرے کو وہ مسیح باحیا چوتھے آسمان پر ہمراہ لیگیا تو اے آفت رسیدہ در بلا شوق سے اُٹھ اور اس یخنہ حلوے کو کھا باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲ ۵۳ وہ ہنرمند الخ ۴ شعر وہ ہنرمند و اہل پرفن تو گئے اور نامۂ اقبال و منصب پڑھ گئے دونون فاضل نے اپنا فضل لیا اور فضل کو ہمسر ملائک کیا اسی احمق ساده تو پیچھے رہ اُٹھ اور حلوے کے اوپر جا پس اُس کو دونون نے کہا کہ اے احمق بھکرے اے عجب کیا حلوا تم نے کھایا ہے کہا کہ جو وہ سلطان فرماوین مین کیا ہون کہ تابع اس حکم کے نہ ہون حکم موسی عم سے پھرے مگر بلا مین خوش و یا ناخوش کہتے ای ترسا تو مسیحا کے حکم سے سر کو پھیرے یہ بات خوب ہے یا زشت ہے مین کیسے فخر انبیا سے پھرون کہ حلوا مین نے اسدم کھایا مین خوش ہون باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲

ای سلیم گول وایس مانده هین	بر جه و بر کاسه حلوا نشین	ای تو ساده احمق اب پیچھے رہا	اٹھ تو اور حلوے کے اوپر بیٹھ جا
پس بگفتندش که ای ابله حریص	ای عجب خوردی تو حلوای خبیص	پس کہا اس کو ای احمق بہکنے لگے	ای عجب کیا کھایا حلوا تو نے ہے
گفت چون فرمود آن شاه مطاع	من تو باشم تا کنم زان امتناع	بولا جو فرمائیں وہ سلطان مجھے	مین ہوں کیا تابع ہوں انکے حکم کے
تو جهودی ز امر موسی سرکشی	گر بخوانند و ز خوشی و ناخوشی	تو یہودی حکم موسی سے پھرے	گر بلائیں خوش و یا ناخوش بے تجھے
تو مسیحی هیچ از امر مسیح	سر توانی تافت از خوب و قبیح	تو مسیحا کے اے ترسا حکم سے	سر کو پھیرے خوب ہو یا زشت ہے
من ز فخر انبیا چون سر کشم	خورده ام حلوا و دین دم سر خوشم	کیسے فخر انبیا سے مین پھروں	کھایا حلوا مین نے اس دم خوش ہوں
پس بگفتندش که والله خواب راست	تو بدیدی وین به از صد خواب ماست	پس کہا واللہ سچا خواب ہے	تیرے بہتر سو ہمارا خواب ہے
خواب تو بیداری است ای بو نظر	که به بیداری عیانستش اثر	خواب و بیداری تری ہے ای بشر	کہ ہے بیداری مین اسکا پیش اثر
خواب تو بیداریست ای خوش نهاد	که تو در خوابت رسیدی با مراد	خواب و بیداری تری ای خوش نہاد	کہ ملی ہے خواب مین تجھکو مراد
خواب تو بیداریست ای نیکخو	کز ازان خوابت رسد امر کلوا	خواب بیداری تری ہے ای نکو	کہ ملا اس خواب سے حکم کلوا
خواب تو بیداریست ای نیکمرد	که ازان خواب تو روی ماست زرد	خواب بیداری ہے تیری نیکمرد	خواب سے تیرے ہمارا منھ ہے زرد
خواب تو بیداریست ای جهان	که همان را ظاهر دیدی عیان	خواب بیداری تری ای سرجہان	کہ انھوں کو دیکھا تو نے بس عیان
خواب تو مانند خواب انبیاست	که شد این خواب تو بی تعبیر راست	مثل خواب انبیا خواب اب تری	خواب بے تعبیر جو سچی ہوئی
در گذر از فضل و از جلدی و فن	کار خدمت دارد و خلق حسن	فضل سے تو ہاتھ دھو دے لا او فن	کام رکھ خدمت اور خلق حسن
بهر این آورد ما یزدان برون	ما خلقت الانس الا یعبدون	اس لئے ہمکو خدا لایا برون	ما خلقت الانس الا لیعبدون (نہیں پیدا کیا ہم نے انسان کو مگر واسطے عبادت کے ۱۲)
سامری را آن هنر چه سود کرد	کان فن از باب اللهش مردود کرد	سامری کو اس ہنر سے کیا ملا	حق نے مردود اسکو اس فن سے کیا
چه کشید از کیمیا قارون ببین	که فرو بردش بقعر خود زمین	کیمیا سے کیا ملا قارون کو	کہ زمین نے اسکو نگلا جان لو
بو الحکم آخر چه بربست از هنر	سرنگون رفت او ز کفران در سقر	بو الحکم کو کیا ہنر سے بس ملا	سرنگوں دوزخ مین کفران سے پڑا
خود هنر آن دان که دید آتش عیان	نی گپ دل علی النار الدخان	وہ ہنر ہے جو عیان دیکھے تو نار	نے دھوئیں کو دلیل نار یار

۹۱ پس کہا الخ ۶ شعر پس کہا واللہ خواب سچا ہے تیرا اے ہمارے خوب سے نے تیرا خواب بیداری ہے کہ بیداری مین مراد ملی ہے تیرا خواب بیداری ہے کہ اس خواب سے حکم کلوا ملا ہے تیرا خواب بیداری ہے کہ تیرے خواب سے ہمارا منھ زرد ہے تیرا خواب بیداری ہے کہ تو نے ان کو ظاہر دیکھا ہے یعنی جس خواب کا اثر بیداری مین مرتب ہو وہ خواب مثل خواب انبیا کے بیداری ہے آگے اس کا بیان ہے فافہم ۱۲
۹۲ مثل خواب الخ ۶ شعر اب تیرا خواب مثل انبیا کے ہے کہ خواب بے تعبیر کے سچا ہوا تو فضل سے ہاتھ اٹھا اور فن چھوڑ کام رکھتی ہے خدمت و خلق حسن اس واسطے خدا باہر لایا ہے ترجمہ نہیں پیدا کیا ہم نے انسان کو مگر واسطے عبادت کے آگے اس کی مثال ہے اس ہنر سے سامری کو کیا ملا کہ حق نے اس فن سے اس کو مردود کیا قارون کو کیمیا سے کیا ملا کہ سرنگون دوزخ سقر مین گیا یعنی ہنر و بدلائی سے خدمت کرنا بہتر ہے کہ موجب نخوت و گمراہی کا ہوتا ہے آگے اس کا بیان ہے فافہم ۱۲ ۹۳ وہ ہنر الخ ۶ شعر ہنر وہ ہے کہ تیری آنکھ عیان دیکھے دھوئیں کو دلیل نار کا لائے دانا کے آگے تیری دلیل گندہ ہو جو مقابل طبیبوں کے دلیل ہو جو تیری دلیل اسکے سوا نہیں تو وہ دیکھنا تا دور رہا تیری دلیل دلیل اس عصا کی مانند ہو کہ اندھے کے ہاتھ مین طبیبوں پر دلیل جواب میری دلیل ہو مانند کا یہ ہے کہ میرا غلبہ آگے دانا کے قلیل ہے کر و فر شہرت مشہور کو مین نہ دیکھوں مجھے معذور رکھو یعنی وہ ہنر ہو کہ عیان دیکھے نہ دلیل سے معلوم کرے پس دلیل سے عیان بہتر ہے چنانچہ اس کی مثال میں دقاق کا آگے فرماتے ہین فافہم ۱۲

ای دلیلت گندہ تر نزد لبیب در حقیقت از دلیل آن طبیب
چون دلیلت نیست جز این ای پسر ژاژ میخا در گمیزے می نگر
ای دلیل تو مثال آن عصا در کفت دل علیٰ عیب العمیٰ
ای دلیل ما چو عسکر ما ذلیل بیشی ما پیش دانایان قلیل
غلغل و طاق و طرنب و گیر و دار کہ نمی بینم مرا معذور دار

پیش دانا گند ہو تیری دلیل جو مقابل ہو طبیبون کو دلیل
جو دلیل اب تیری ہو اسکے سوا دیکھ قارورہ مین مت کہ ناروا
اس عصا کے مثل تیری ہو دلیل ہاتھ مین اندھے کے عیبون کے دلیل
ہو دلیل اب میری جون عسکر ذلیل میرا غلبہ آگے دانا کے قلیل
کر دغا اور شہرت مشہور کو مین نہ دیکھون رکھ مجھے معذور تو

منادی کردن سید ملک ترمذ کہ ہر کہ در سہ روز یا چہار روز بہ سمرقند رود چندین خلعت و زر دہم و شنیدن دلقک و از دہ تاختن بشہر ترمذ

منادی کرنا سید ملک ترمذ کی کہ جو تین روز یا چار روز مین سمرقند کو جائے اس قدر خلعت اور زر دون مین اور سننا دلقک کا اور دوڑ کر آنا شہر کو گانون سے

سید ترمذ کہ آنجا شاہ بود مسخرہ او دلقک دلخواہ بود
داشت کاری در سمرقند او مہم جست الاغی تا شود او مستتم
زد منادی کانکہ او در پنج روز آردم پیغام خوب با فروز
بخشمش از زر گنج بے شمار تا شود میر و عزیز اندر دیار
دلقک اندر دہ بد و چون آن شنید بر نشست و تا بہ ترمذ می دوید
مرکبے در اندران دہ شد سقط از دوانیدن فرس را زان نمط
پس بدیوان در دوید از گرد راہ وقت ناہنگام رہ جست او بشاہ
فجفجی در جملہ دیوان در فتاد شورش در وہم آن سلطان فتاد
خاص و عام شہر را دل شد ز دست تا چہ تشویش و بلا حادث شدست

۵۱ سید ترمذ کہ وان کا شاہ تھا مسخرہ دلقک تھا اک اس شاہ کا
تھا سمرقند اندر اسکو ایک کام ڈھونڈھتا قاصد کو کہ تا وہ ہو تمام
کی منادی پانچ دن کے درمیان جو جواب اسکا کوئی لاوے یہان
اسکو دون مین زر و گنج بیشمار تا وہ ہو میر و عزیز اندر دیار
گانون مین دلقک تھا جو اسنے سنا ہو سوار اس دم وہ ترمذ کو چلا
گھوڑے دس اس دوڑ مین اسکے مرے تیز دوڑائے جو گھوڑے اس لیے
۵۲ دوڑتا دیوان مین آیا راہ سے اور گیا بے وقت آگے شاہ کے
شور سب دیوان مین اس کا پڑا وہم مین شہ کے پڑا اک تہلکہ
خاص و عام اس شہر کا دل اڑ گیا کہ ہوئی کیا پیدا آفت اور بلا

۵۱ سید ترمذ الخ ۶ شعر سید ترمذ وہان کا بادشاہ تھا اور دلقک اس شاہ کا مسخرہ تھا اسکو سمرقند مین ایک کام تھا قاصد کو ڈھونڈھتا کہ وہ تمام ہووے منادی کی کہ پانچ دن مین جو کوئی اس کا جواب یہان لاوے اُس کو گنج بے شمار دون تاکہ وہ امیر و عزیز اس ملک کا ہو دلقک گانون مین تھا جو اُسنے سُنا وہ سوار ہو کر ترمذ کو چلا گیا اس کے دس گھوڑے اس دوڑ مین مرے جو کہ گھوڑے تیز دوڑائے اس واسطے باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲
۵۲ دوڑتا الخ ۶ شعر راہ سے دوڑتا دیوان خانہ مین آیا اور بے وقت آگے شاہ کے گیا اس کا شور دیوان خانہ مین اور شاہ کے وہم مین ایک تہلکہ پڑ گیا اس شہر کے خاص و عام کا دل اڑ گیا کہ کیا آفت و بلا پیدا ہوئی یا کہ دشمن در پے آزار ہے یا کوئی اور بلا اُٹھی غیب سے ہے کہ دلقک نے بہت دوڑ اسکے چند گھوڑے کشتہ کئے راہ مین در پہ شاہ کے ایک مخلوق جمع ہوئی کہ ایسا جلد کیون آیا ہے باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲

یا عدو قاہرے در قصد ماست	یا بلاے مہلکے از غیب خاست	یا کہ دشمن درپئے آزار ہے	یا اُٹھی مہلک بلا ہی غیب سے
کہ زدہ دلقک بسیران درشت	چند اسپے قیمتی در راہ کشت	کہ بہت دوڑا کے دلقک نے کئے	کشتہ گھوڑے چند اندر راہ کے
جمع گشتہ بر سرائے شاہ خلق	تا چرا آمد چنین اشتاب دلق	شاہ کے در پر ہوئی اک جمع خلق	کہ یہ ایسا جلد کیون آیا ہی دلق
از شتاب او و جد و اجتہاد	غلغل و تشویش در ترمذ فتاد	سلہ اُس کی گھبراہٹ و جلدی سے سوا	شور و غل ترمذ مین از بس پڑ گیا
آن یکی دو دست بر زانو زنان	وان دگر از وہم واویلا کنان	ایک تھا ہاتھون سے زانو پیٹتا	وہم سے واویلا کرتا دوسرا
از نفیر و فتنہ و خوف و نکال	ہر دلی رفتہ بصد گونہ خیال	شور و غل اور فتنۂ آفات سے	سو طرح کے خیال ہر اک کو ہوئے
ہر یکے فالی ہمی زد از قیاس	تا چہ آتش اوفتاد اندر پلاس	مارتا ہر ایک فال از رہ قیاس	تا پڑی کیا آگ ہے اندر پلاس
راہ جست و راہ دادش شاہ زود	چون زمین بوسید گفتش ہین چہ بود	راہ ڈھونڈھی اسکو شہ نے راہ دی	جو زمین چومی کہا کیا بات تھی
ہر کہ می پرسید حالی زان ترش	دست بر لب میزد او یعنی خمش	پوچھتا جو حال اُس سے وہ ترش	ہاتھ رکھتا لب پہ اور کہتا خمش
وہم می افزود آن فرہنگ او	جملہ در تشویش گشتہ دنگ او	عقل اُس سے وہم کو کرتی سوا	دنگ ہو تشویش مین ہر اک پڑا
کرد اشارت دلقک اے شاہ کرم	یک دمی بگذار تا من دم زنم	سلہ شہ سے دلقک نے اشارہ سے کہا	چھوڑ دم بھر تا کہ مین دم لون ذرا
تا کہ باز آید بہ من عقلم دمی	کہ فتادم در عجائب عالمے	ہے امید اب آئے پھر عقل فزون	کہ پڑا مین اک عجیب عالم مین ہون
بعد یک ساعت کہ شاہ از وہم و ظن	تلخ گشتش ہم گلو و ہم دہن	بعد ساعت کے فکر سے شاہ کا	کبھی دہن اور کبھی گلو کڑوا ہوا
او ندیدہ بود دلقک را چنین	کہ ازو خوشتر نبودش ہمنشین	اُسنے دیکھا ایسا دلقک کو نہ تھا	کہ ندیم اُس سا نہین تھا خوشنوا
دائما دستان و لاغ افراشتی	شاہ را بس شاد و خندان داشتی	سلہ کہ ظرافت داستان کہتا سدا	اور ہنساتا شاہ کو رکھتا با مزا
آنچنان خنداندش کردی درست	کہ گرفتی شہ شکم را با دو دست	بیٹھے بیٹھے وہ ہنستا تا بس اُسے	کہ پکڑتا پیٹ کو شہ ہاتھ سے
کہ ز زور خندہ خوش کردی تپش	رو در افتادی ز خندہ کردنش	تن پسینے مین ہنسی سے ڈوبتا	مُنھ کے بل گرتا ہنسی کرتا جو تھا
باز امروز این چنین زرد و ترش	دست بر لب میزند کای شہ خمش	پھر وہ ایسا آج ہے زرد و ترش	رکھتا لب پہ ہاتھ کہ اے شہ خمش

سلہ اس کی گھبراہٹ الخ ۷ شعر اُس کی گھبراہٹ اور جلدی سے شور و غل زمین مین از بس پڑ گیا ایک زانو ہاتھ سے پیٹتا تھا اور دوسرا وہم سے واویلا کرتا تھا شور و غل و فتنہ و آفات سے سو طرح کے خیال ہر ایک کو ہوئے ہر ایک فال کرتا تھا از راہ قیاس کے کہ کیا آگ پڑی پلاس میں کہ راہ ڈھونڈھی اس کو شاہ نے راہ دی جو زمین چومی اور کہا کہ کیا بات تھی جو حال پوچھا اس سے وہ ترش لب پر ہاتھ رکھتا اور کہتا خاموش عقل اس بات سے وہم کو سوا کرتی ہے اور ہر ایک دنگ ہو کر تشویش مین پڑا باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲ سلہ شہ سے الخ ۵ شعر شاہ سے دلقک نے اشارہ سے کہا دم بھر چھوڑ کہ تا مین دم لون امید ہے کہ اب پھر عقل فزون آئے کہ مین اک عجب عالم مین پڑا ہون بعد ساعت کے فکر سے شاہ کا کبھی دہن و گلو کڑوا ہوا اس نے ایسا دلقک کو نہ دیکھا تھا کہ اس سا ندیم خوش نہین تھا کہ سدا داستان ظرافت سے کہتا اور ہنسا کر شاہ کو با مزا رکھتا تھا باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲ سلہ بیٹھے بیٹھے الخ ۸ شعر وہ اسے بیٹھے بیٹھے ہنساتا تا کہ شاہ پیٹ کو ہاتھ سے پکڑتا ہنسی سے بدن پسینے مین ڈوبتا منھ کے بل گرتا جو وہ ہنسی کرتا پھر وہ ایسا زرد و ترش رو آج ہے کہ لب پر ہاتھ رکھتا ہے کہ اے شاہ خاموش وہم اندر وہم و خیال ہے شاہ کو کیونکر ملال نہوا ہو شاہ نے دل کو ایک غم سے پرہیز تھا کیونکہ خوارزم شاہ از بس خونریز تھا سمرقند اس کا تخت گاہ اور ایک وزیر ہوشمند وہ اس شاہ کا تھا اور اس طرف کے شاہ اس نے مارے تھے یا دغا سے دبا جنگ و بازو سے شاہ ترمذ کو جو اس سے وہم تھا وہ وہم دلقک کی حرکت بڑھاتی باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲

وہم در وہم خیال اندر خیال | شاہ را تا خود چہ آید از نکال
وہم اندر وہم خیال اندر خیال | شاہ کو کیونکر نہین ہووے ملال

کہ دل شہ باغم و پرہیز بود | زانکہ خرم شاہ بس خونریز بود
شہ کو دل کے غم سے اک پرہیز تھا | کیونکہ خرم شاہ بس خونریز تھا

جاے تخت او سمرقند گزین | بُد وزیرے داہی او ہمنشین
جای تخت اُسکی سمرقند اور یہا | اک وزیر ہوشمند اُس شاہ کا

پس شہان آن طرف را کشتہ بود | یا بہ حیلت یا بہ سطوت آن عنود
اُس طرف کے شاہ مارے اُسنے تھے | یا دغا سے یا کہ جنگ زور سے

دین شہ ترمذ از و در وہم بود | وز فن دلقک ہمی وہمش فزود
شاہ ترمذ کو جو اُس سے وہم تھا | وہم وہ دلقاک کی حرکت سے بڑھا

گفت زوتر باز گو تا حال چیست | اینچنین آشوب تو از بہر کیست
بولا[1] کہہ کیا یہ تیرا حال ہے | یہ پریشانی تری کس خوف سے

گفت من در دہ شنیدم آنکہ شاہ | زد منادی بر سر ہر شاہ راہ
بولا موضع مین سُنا کہ شاہ نے | بس منادی کی ہے ہر اک جائے پے

کہ کسی خواہم کہ تازد در سہ روز | تا سمرقند او چو پیک بافروز
کہ کوئی بس تین دن مین جا سکے | تا سمرقند اب مثال پیک کے

گنج یابد ہم ورا اندر عوض | چون شود حاصل ز پیغامش غرض
تا خزانہ دون اُسے اندر عوض | جو جواب اُسکے سے حاصل ہو غرض

من شتابیدم بر تو بہر آن | تا بگویم من ندارم آن توان
پاس تیرے آیا ہون مین اس لیے | تا کہون مجھ مین نہ طاقت ایسکی ہے

اینچنین کاری نیاید خود ز من | تا از این امید را بر من متن
اور نہ ایسا کام مجھ سے ہو سکے | بلکہ یہ امید مجھ سے مت رکھے

گفت لعنت بر چنین تعجیل باد | کہ دو صد تشویش در شہر اوفتاد
بولا[2] لعنت ایسی جلدی پر تری | تجھسے [illegible] شہر مین ہیبت پڑی

از برای این قدر ای خام ریش | آتش افگندی درین مرج و حشیش
تونے اتنے کے لئے او بے حیا | یہ لگائی آگ بھُس مین نفع کیا

ہمچو این خامان با طبل و علم | کہ الغ خانیم در فقر و عدم
ایسے ہی یہ خام ہین باکر و فر | کہ بڑے خان فقر مین ہم ہین مگر

لاف شیخی در جہان انداختہ | خویشتن را بایزیدی ساختہ
دعوی شیخی کا جہان مین بس کیا | بایزید وقت اپنے کو گنا

ہم ز خود سالک شدہ واصل شدہ | محفلی وا کردہ در دعوت کدہ
آپ ہی سالک ہوا واصل ہوا | جاے دعوت مین کی محفل برپا

خانۂ داماد پر آشوب و شر | قوم دختر را نہ بودہ زان خبر
خانۂ[3] داماد مین تو شور و شر | اور نہین لڑکی کی یان پر کچھ خبر

ولولہ کہ کار نیمی راست شد | شرطہای کار نیمی راست شد
شوق ہے کہ کام آدھا بنگیا | جو کہ شرطین ہمنے کی تھین ٹھیرا

[1] بولا الخ ۶ شعر کہا کہ تو جلد تر کیا حال ہے یہ پریشانی تیری کس خوف سے دلقاک نے کہا مین نے گانون مین سُنا کہ شاہ نے منادی کی ہے ہر ایک جا پر کہ کوئی تین دن مین جا سکے سمرقند قاصد کے مانند تا خزانہ اسے دون کہ جو اسکے جواب سے عرض حال ہو مین تیرے پاس اسواسطے آیا ہون تا کہ کہون مجھ مین اس کی طاقت نہین ہے اور مجھ سے ایسے کام نہ ہو سکے بلکہ یہ اُمید مجھ سے مت رکھو باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲

[2] بولا لعنت الخ ۵ شعر کہا کہ ایسی جلدی پر تیری لعنت ہے کہ تجھ سے تمام شہر مین ہیبت پڑی تو نے اتنے کے واسطے اے بیحیا آگ بھُس مین لگائی نفع کیا ہے آگے اس کے حقائق ہین ایسے ہی یہ خام باکر و فر ہین کہ بڑے خان ہم فقر مین ہین دعوی شیخ ہونیکا جہان مین کیا اور بایزید وقت خود کو گنا آپ ہی سالک ہوا اور واصل ہوا اور دعوت کی جا مین محفل برپا کی یعنی ریاکاران فقر خود سالک و واصل بنکر دعوی شیخی کا کرتے ہین اور معنی مین ساتھ یار کے کچھ بھی معرفت نہین رکھتے آگے اس کی مثال ہے فافہم ۱۲

[3] خانۂ داماد الخ ۸ شعر داماد کے گھر مین تو شور و شر ہے اور لڑکی کے یہان پر کچھ خبر بھی نہین ہے شوق ہے کہ آدھا کام بن گیا جو کہ ہم نے شرطین کی تھین گھر کو جھاڑا اور آراستہ کیا اور اس ہوس سے مست ہو کر خوش خوش پھر اس طرف سے ایک پیغام بھی نہین آیا اور نہ ایک چڑیا اس بام سے یہان آئی اس بہت پیغام جانے سے وہان ہنسی سے بھی کوئی جواب نہین آیا آگے حقائق ہین نہ یار اس سے ولیکن آگاہ ہے کیونکہ دل سے دل تک پوشیدہ راہ ہے جواب تجکو امید اس لیے ہے کیونکہ راہ جواب خیال سے خالی ظاہر و باطن سے اسکے سو نشان ہین ولیکن بس کر اور پردہ فاش مت کر جبکہ تیرے دل مین یار کی الفت بھری ہے تو دل کو دل سے راہ ہے پھر تجھے یار سے کیون نہین خبر ہو پہنچتی ہے آگے رجوع بقصہ ہے فافہم ۱۲

شه نگیرد آنکه می رنجاندش	ارچه گیرد آنکه می خنداندش	شہ نہ پکڑے ہو اسے جو رنج دے	کیسے پکڑے اسکو جو کہ خوش کرے
گفت صاحب پیش شه جاگیر شد	کاشف این مکر و این تزویر شد	قول صاحب نے اثر شہ مین کیا	کھولنے اس مکر کے در پے ہوا
گفت دلقک را سوی زندان برید	چاپلوس و زرق او را هم خرید	بولا شہ دلقک کو زندان مین رکھو	اور خوشامد مکر اسکا مت سنو
سیزنیدش چون دل اشکم تهی	تا دهل وار او دهد تان آگهی	ڈھول کے مانند کرلو تم اسے	آگہی تا دے تمھین جون ڈھول کے
زانکه هم پر هم تهی باشد دهل	بانگ او آگه کند مارا ز کل	کیونکہ پر ہے اور خالی ڈھول ہے	آگہی آواز اس کی کل سے لے
تا بگوید سر خود را ز اضطرار	آنچنان که گیرد این دلها قرار	تا کہے وہ بھید اپنا باضطرار	اس طرح کہ دل کو آئے برقرار
چون طمانینست صدق با فروغ	دل نیارامد بگفتار دروغ	[1] جو ہے اطمینان دل کو صدق سے	جھوٹی باتون سے وہ کب آرام لے
کذب چون خس باشد و دل چون دهان	خس نگردد در دهان هرگز نهان	جھوٹ مثل خس ہو دل مثل دہان	خس نہین ہرگز دہن مین ہو نہان
تا در او باشد زبانے می زند	تا بدانش از دهان بیرون کند	جب تلک وہ ہو زبان اسپر لگے	عقل اسکو منھ سے تا باہر کرے
خاصه کاندر چشم افتد خس ز باد	چشم افتد در نم و بند و گشاد	گر ہوا سے آنکھ مین اک خس پڑے	آنکھ بند ہو اور کھلے پانی بھرے
ما پس این خس را زنیم اکنون لگد	تا دهان و چشم زین خس وارهد	لات مارون اس خس ناچیز پے	تا دہان و چشم اس خس سے کھلے
گفت دلقک ای ملک آهسته باش	روی حلم و مغفرت را کم خراش	بولا دلقک اے ملک اب ٹھہر تو	چھیل مت تو روی حلم و عفو کو
تا بدین حد چیست تعجیل و نقم	من نمی پرم بدست تو درم	[2] اتنی جلدی اور تیزی کس لیے	مین نہ بھاگون ہاتھ مین ہون تیرے
آن ادب که باشد از بهر خدا	اندران مستعجلی نبود روا	وہ ادب ہوتا ہے جو بہر خدا	اس مین جلدی کرنا نے ہرگز روا
زانچه باشد طبع و خشم عارضی	می شتابد تا نگردد منقضی	طبع مین جو عارضی خشم آئے ہے	جلدی کرتا ہے نہ تا جاتا رہے
ترسد ار آید رضا خشمش رود	انتقام و ذوق آن فایت شود	خشم جائے آئے جو ترس رضا	انتقام اور ذوق اسکا ہو فنا
شهوت کاذب شتابد در طعام	خوف فوت ذوق هست آن خود سقام	بھوک جھوٹی جلدی کھانے مین کرے	جو مرض سے خوف جانے ذوق سے
اشتها صادق بود تاخیر به	تا گوارنده شود آن بیگره	بھوک سچی خوب ہے تاخیر سے	ہضم ہو اچھی طرح بے نقص کے
تو پے دفع بلایم مے زنی	تا ببینی رخنه را بندش کنی	مارے مجھکو تو پئے دفع بلا	بند رخنہ کر کہ جو تجھکو دکھا

[1] جو ہے الخ ۶ شعر جو دلکو اطمینان صدق سے ہے وہ کب جھوٹی باتون سے آرام لے آگے اسکی مثال ہے جھوٹ مثل خس کے مانند و دل مثل دہن کے ہے پس ہرگز خس دہن مین پوشیدہ نہین ہو جب تک وہ ہو زبان اسپر لگے تا عقل اسکو منھ سے باہر کرے اگر ہوا سے خس آنکھ مین پڑے آنکھ بند ہو اور کھلے اور پانی بھرے اس خس ناچیز پر لات مارون تا دہان اور چشم اس خس سے چھٹے دلقک نے کہا کہ اے بادشاہ اب تو ٹھہر اور روئے حلم اور عفو کو مت چھیل یعنی دلکو صدق سے آرام ہے پھر جھوٹی باتون سے کب آرام لیتا ہے آگے رجوع بقصہ ہے فافہم ۱۲ [2] اتنی جلدی الخ ۶ شعر اتنی جلدی اور تیزی کس واسطے ہے مین تیرے نہین بھاگون کہ تیرے ہاتھ مین ہون وہ ادب ہوتا ہے کہ جو واسطے خدا کے ہے اور اسمین جلدی کرنا ہرگز روا نہین جو طبیعت مین خشم عارضی آتا ہے وہ جلدی کرتا ہے کہ تا جاتا نہ رہے جو خشم جائے اور ترس رضا آئے انتقام ذوق اسکا فنا ہو آگے مثال ہے جھوٹی بھوک جلدی کھانے مین کرتی ہے بجز مرض کے خوف جانے ذوق سے سچی بھوک تاخیر سے خوب ہے اور اچھی طرح ہضم ہو بغیر نقصان کے یعنی خشم عارضی سے طبیعت جلدی کرتی ہے انتقام مین کہ خشم جاتا نہ رہے اور خشم اصلی مین یہ باتی حال لگے ہے فافہم ۱۲ [3] مارے مجھکو الخ ۲ شعر تو مجھکو واسطے دفع بلا کے رخنہ بند کر کہ جو تجھکو دکھاتا ہو تا کہ اس رخنہ سے نہ بلا آگے اسکے سوا رخنہ بہت قضا کی ہے علاج دافع بلا کب ستم ہو بلکہ احسان عفو و کرم علاج ہو کہا ترجمہ کہ صدقہ رد کرتا ہے بلا کو سو امرض تیرے کو صدقہ ہے اور فتی مارتا درویش کو قصہ نہین ہے اور اندھا چشم حلم اندیش کر شاہ نے کہا کہ خبر نیک تھے ہو لیکن جو خیر کرے اسکی جائے آگے مثال شطرنج مین ہے شاہ کی ہما پر ... کرے اور شاہ کی جگہ پیل پھیلتا دان سے یعنی صدقہ بلا کو رد کرتا ہے اگرچہ وہ خیر ہو مگر اپنی جگہ پر آگے اس کا بیان ہے فافہم ۱۲

تا از آن رخنہ برون ناید بلا | غیر آن رخنہ بسے دارد قضا
تا کہ اس رخنہ سے نے آئے بلا | اُس سوا رخنے بہت رکھے قضا

چارهٔ دفع بلا نبود ستم | چارهٔ احسان باشد و عفو و کرم
چارۂ دفع بلا کب ہو ستم | چارہ ہو احسان اور عفو و کرم

گفت الصدقة ترد للبلا | داو مرضاک بصدقة یا فتی
بولا الصدقة ترد للبلا | داو مرضاک بصدقة یا فتی

صدقہ نبود سوختن درویش را | کور کردن چشم حلم اندیش را
نے ہے صدقہ مارنا درویش کو | اندھا کرنا چشم حلم اندیش کو

گفت شہ نیکوست خیر و موقعش | لیک چون خیرے کنی در موقعش
شاہ بولا خیر ہے بس نیک تر | پر کرے جو خیر اسکی جائے پر

موضع شہ رخ نہی ویرانی است | موضع شہ پیل ہم نادانی ست
شہ کی جا پر رخ رکھے ویرانی ہے | شہ کی جا پر پیل بھی نادان رکھے

در شریعت ہم عطا ہم زجر ہست | شاہ را صدر و فرس را درگہ است
شرع مین ہی جود اور تنبیہ جو[1] | تخت شہ کو اور رکھے اسپ کو

عدل چہ بود وضع اندر موضعش | ظلم چہ بود وضع در ناموقعش
عدل کیا ہے خرچ کرنا جائے پے | ظلم کیا ہے خرچ کرنا بے جگہ

عدل چہ بود آب دہ اشجار را | ظلم چہ بود آب دادن خار را
عدل کیا ہے دینا آب اشجار کو | ظلم کیا ہے آب دینا خار کو

نیست باطل ہر چہ یزدان آفرید | از غضب و ز حلم و ز نصح و مکید
نے ہے باطل حق نے جو پیدا کیا | حلم و غصہ اور نصیحت اور دغا

خیر مطلق نیست زینہا ہیچ چیز | شر مطلق نیست زینہا ہیچ نیز
نے انھون سے خیر مطلق کوئی شے | نے انھون سے شر مطلق کوئی ہے

نفع و ضر ہر یکی از موضعی است | علم زین رو واجب است و نافع است
نفع و ضر ہر ایک کا ہے جائے پے | علم واجب ہے و نافع اس لئے

اے بسا زجرے کہ بر مسکین بود | در ثواب از نان و حلوی بہ بود
اے ستم اکثر کہ جو مسکین پہ ہے[2] | نفع مین بہتر ہے حلوے نان سے

زانکہ حلوا گرمی و صفرا کند | سیلیش از خبث مستنقا کند
کیونکہ حلوا گرمی اور صفرا کرے | پاک کے تھپڑ اُس کو دیتا پاک ہے

سیلیئی ... بر مسکین بزن | کہ رہاند آتش از گردن زدن
مار تھپڑ اُس گھڑی مسکین کے | کہ چھڑائے جان اسکی قتل سے

زخم در معنی فتد بر خوے خود | چوب بر گرد او فتد نے بر نمد
خو ہی بد پر زخم معنی مین پڑے | گرد پے ڈنڈا پڑے نمدے پہ نا

بزم و زندان ہست ہر بہرام را | بزم مخلص را و زندان خام را
بزم و زندان رکھے ہر شاہ نکو | بزم دے مخلص کو زندان خام کو

شق باید ریش را مرہم کنی | چرک را در ریش مستحکم کنی
زخم کو چیرا اُلٹا تو مرہم رکھے | اُس کے اندر ریٹھ کو محکم کرے

تا خورد مر گوشت را در زیر آن | نیم سودی باشد و پنجہ زیان
نیچے اُس کے کھائے دانا گوشت ہو | ہو بہت نقصان نفع تھوڑا ہو

از لقت آن اندرون ویران شود | چرک تا گہ در میان پنہان شود
زخم اندر اسکے تیزی سے سڑا | ریٹ تا کہ درمیان اُسکے چھپے

[1] شرع مین الخ ۷ شعر جو شرع مین جود اور تنبیہ ہے تخت شاہ اور درگاہ اسپ کو بس عدل کیا ہے خرچ کرنا جا پر اور ظلم کیا ہے خرچ کرنا بے جگہ عدل کیا ہے آب دینا درخت کو ظلم کیا ہے آب دینا خار کو جو حق نے پیدا کیا وہ باطل نہین ہے حلم و غصہ و نصیحت و دغا انھون مین سے نہ کوئی چیز خیر مطلق ہے اور نہ انھون مین کوئی شر مطلق بلکہ نفع و ضرر ہر ایک کا جگہ پر ہے اس واسطے علم واجب و نافع ہے یعنی عدل و ظلم ایک صورت پر ہے مگر دونون مین اتنا فرق ہے کہ ہر شے کو اپنی جگہ پر خرچ کرنا عدل ہے اور بے جگہ خرچ کرنا ظلم ہے باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲

[2] اے ستم اکثر الخ ۸ شعر اے ستم کہ اکثر مسکین پر ہو نفع مین بہتر ہے حلوا و نان سے کیونکہ حلوا گرمی و صفرا کرے اور تھپڑ اسکو پاکی دے کہ اسکی جان چھوڑائے قتل سے آگے اس کی مثال ہے معنی مین زخم ہوے خو بد پر پڑے اور گرد پر ڈنڈا پڑے نمدے پر نہین ... و زندان ہر ایک شاہ رکھتا ہے کہ مخلص کو محفل و خام کو زندان دیتا ہے زخم کو چیرنا چاہیے تو اُلٹا مرہم ... اور اس کے اندر ریٹ کو محکم کرتا ہے تا گوشت کو وہ اسکے نیچے کھائے اور بہت نقصان و تھوڑا نفع ہو اسکے اندر زخم تیزی سے سڑے اور ریٹ تا کہ اسکے درمیان چھپے یعنی بعض جا پر ستم حلوا دینے سے بہتر ہوتا ہے کیونکہ وہ ستم ستم نہین ہو بلکہ اسکی خو سے بد پر ہے آگے رجوع بقصہ ہے فافہم ۱۲

گفت دلقلک من نمیگویم گذار | لیک می گویم تحری پیش آر
هین ره صبر و تانی را مبند | صبر کن اندیشه می کن روز چند
در تانی بر یقینی بر زنی | گوشمال من بایقا نے کنی
در روش یمشی مکبا خود چرا | چونکه می شاید شدن بر استوا
مشورت کن با گروه صالحان | بر پیمبر امر شاورهم بدان
امرهم شوری برای این بود | کز تشاور سهو و کژ کمتر شود
کاین خردها چون مصابیح انورست | بیست مصباح از یکی روشن ترست
بو که مصباحی فتد اندر میان | مشتعل گشته ز نور آسمان
غیرت حق پرده انگیختست | سفلی و علوی بهم آمیختست
گفت سیروا می طلب اندر جهان | بخت و روزی را همی کن امتحان
در مجالس می طلب اندر عقول | آنچنان عقلی که بود اندر رسول
زانکه میراث از رسول آنست بس | کو ببیند غیبها از پیش و پس
در بصرها می طلب هم آن بصر | که نتابد وصف آن این مختصر
بهر آن کردست منع آن باشکوه | از ترهب وز شدن خلوت بکوه
تا نگردد فوت این نوع التقا | که نظر بخت است و اکسیر بقا
درمیان صالحان یک اصلحی است | بر سر توقیعش از سلطان صحی است
کان دعا شد با اجابت مقترن | کفو او نبود کبار انس و جن

بولا[۱] دلقک نے کہون مین چھوڑ تو | پر مین کہتا ہون کہ تو کر فکر کو
بندمت کر راہ صبر اور ڈھیل کو | تھوڑے دن کو فکر اور کر صبر تو
کہ تامل مین یقین ہووے تجھے | تا یقین سے گوشمالی دے مجھے
راہ مین یمشی مکبا کس لئے | جو برابر راہ مین تو چل سکے
مشورہ کر با گروہ صالحان | مصطفی پر امر شاورہم کو جان
امرہم شوری ہوا ہے اس لئے | کہ کجی اور سہو کم شوری سے ہے
چون[۲] چراغ روشن اک یہ عقل ہے | بیس روشن ہین چراغ ان ایک سے
ہے یقین آوے چراغ اک درمیان | ہووے روشن نور سے بس آسمان
ڈالا پردہ غیرت اللہ نے | سفلی و علوی بہم شامل ہوے
بولا سیروا کر طلب اندر جہان | بخت اور روزی کو کر تو امتحان
مجلسون مین کر طلب اندر عقول | عقل ایسی جو کہ رکھتے تھے رسول
کیونکہ میراث اب نبی کی وہ ہے بس | کہ وہ دیکھے غیب از رہ پیش و پس
کر[۳] بصرہا مین طلب تو وہ بصر | کہ نہ وصف اسکا رکھے یہ مختصر
اس لئے منع کیا اس شاہ نے | خلوت گہ اور ترہب کے لئے
تا نہ صحبت ایسی ہو فوت و فنا | کہ نظر ہے بخت و اکسیر بقا
صالحون کے درمیان ہے صلح ایک | صاد شاہی اسکے ہے فرمان پہ ایک
کہ دعا اسکی اجابت کو رکھے | کفو اسکے نے ہے جن و انس سے

[۱] بولا دلقک الخ ۶ شعر دلقک نے کہا کہ مین نہین کہتا ہون کہ تو چھوڑ دے لیکن مین کہتا ہون کہ تو فکر کر راہ صبر و ڈھیل کو بند مت کر تھوڑے دن تو صبر و فکر کر کہ تامل مین سے تجھے یقین ہووے تا یقین سے مجھکو گوشمالی دیوے راہ مین تجھے یمشی مکبا کس واسطے ہے جو راہ مین تو برابر چل سکے گروہ صالحون سے تو مشورہ کر مصطفی صلعم پر امر شاورہم کو جان اسواسطے امرہم مشہور ہوا ہے کہ مشورے سے کجی و سہو کم ہے یعنی ہر امر مین مشورہ کرنا چاہیئے کہ کجی اور سہو سے بچے آگے اس کا بیان ہے فافہم ۱۲ [۲] چون چراغ الخ ۶ شعر یہ عقل چراغ روشن کے مانند ہے کہ بیس چراغ روشن ہون اس ایک سے یقین ہے کہ ایک درمیان آسکے اور [illegible] کے نور سے آسمان روشن ہووے غیرت اللہ نے پردہ ڈالا سفلی و علوی باہم مل سکے کہا کہ ترجمہ سیر کرو تم جہان مین طلب کر اور بخت و روزی کو امتحان کر محفلون مین طلب کر اندر عقل کے ایسی عقل کہ رسول مقبول صلعم رکھتے تھے کیونکہ اب میراث نبی کی وہ ہے [illegible] غیب کو پیش و پس دیکھے یعنی عقل میراث انبیا کی ہے پس تو اس عقل کو حاصل کر کہ وہ غیب تجھپر ظاہر ہووے باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲ [۳] کر بصرہا مین الخ ۶ شعر بصرہا مین تو وہ بصر طلب کر کہ وصف اسکا یہ مختصر نہ رکھے اس شاہ نے اس واسطے منع کیا ہے خلوت کو اور ترہب کے واسطے تا ایسی صحبت موت و فنا نہ ہو کہ نظر بخت و اکسیر بقا رکھے صالحون کے درمیان ایک صلح ہے کہ صاد شاہی اس کے فرمان پر ہے کہ اس کی دعا اجابت کو رکھتی ہے اور جن و انس سے اسکی کفو نہین ہے ان کے حلق مین حلوا ترش ہو کہ ان کا فرون کی [illegible] ہے یعنی صحبت اولیاء اللہ سے تو بصارت حاصل کر کہ چشم معنی تیری روشن ہو آگے قول حق تعالیٰ کا ہے فافہم ۱۲

در مری اش آنکه حلوا مضراست	حجت ایشان بر حق داحض است
گرچه ما او را به خود افراشتیم	عذر حجت از میان برداشتیم
قبله را چون کرد دست حق عیان	پس تحری بعد از ان مردود دان
هین بگردان از تحری رو و سر	که پدید آمد معاد و مستقر
یکزمان زین قبله گر ذاهل شوی	سخرۀ هر قبلۂ باطل شوی
چون شوی تمییزده را ناسپاس	بجهد از تو خطرۂ قبله سپاس
گر ازین انبار خواهی بر و بر	نیم ساعت ره ز همدردان مبر
کاندران دم که ببرّی زین معین	مبتلا گردی تو با بئس القرین

حلق مین اُنکے وہ حلوا ترش ہے	حجت اُنکی پیش حق دحض ہے
گرچہ ہمنے اُسکو خود اعلیٰ کیا	ضد و حجت درمیان سے کھو دیا
دست حق نے جو کیا قبلہ عیان	پھر تحری کو تو بس مردود جان
پھر تحری سے تو سر کو پھیر لے	کہ ہوا ظاہر ہے قبلہ جان کے
دم بھر اس قبلہ سے گر غافل ہو تو	پس مطیع قبلۂ باطل ہو تو
جو تو ہو تمیزدہ کا ناسپاس	تجھ سے نکلین خطرۂ قبلہ شناس
گر تو اس انبار سے چاہے ثمر	مت ہو ہمدردون سے دم بھر دور تر
اُس گھڑی کہ تو کرے ترک معین	مبتلا تو ہووے بائیس القرین

قصۂ تعلق موش با چغز و بستن پای خود بر پای او و صید کردن زاغ ایشان را

قصہ تعلق موش کا ساتھ مینڈک کے اور باندھنا اپنے پانون کو اُسکے پانون سے اور شکار کرنا زاغ کا اُن کو

از قضا موشی و چغزی باوفا	بر لب جو گشته بودند آشنا
هر دو تن مربود میعادی شدند	هر صباحی جمع یکجا آمدند
نرد دل باهم گرمی باختند	وز وساوس سینه می پرداختند
هر دو را دل از تلاقی متسع	همدگر را قصه خوان و مستمع
راز گویان با زبان و بی زبان	الجماعة رحمة تاویل آن
آن اشر چون جفت آن شاد آمدی	پنج ساله قصه اش یاد آمدی

اتفاقاً موش و مینڈک آب کا	نہر پہ باہم ہوئے تھے آشنا
وقت دونون نے مقرر کر لیا	ہر سحر ہوتے تھے جمع ایکجا
نرد دل کی کھیلتے آپس مین تھے	سینہ خالی کرتے وہ وسواس سے
دل ملاقاتون سے دونونکا خوشی	کہتے سنتے قصے آپس مین کبھی
راز کہتے بازبان بے زبان	الجماعۃ رحمۃ تاویل جان
موش ہوتا اُسکے ملنے سے جو شاد	پنج سالہ قصے بس کرتا وہ یاد

س۵ گرچہ ہم نے الخ ۷ شعر اگرچہ ہم نے اس کو اعلیٰ کیا اور ضد وحجت کو درمیان سے کھو دیا جو دست حق نے قبلہ عیان کیا پھر تحری کو تو مردود جان پھر تحری سے تو سر کو پھیر لے کہ قبلہ ظاہر ہوا ہے اگر دم بھر اس قبلہ سے تو غافل ہو تو مطیع قبلہ باطل کا ہو جو تو تمیز دینے والے کا ناسپاس ہو تو تجھ سے خطرہ قبلہ شناس نکلین اگر تو اس انبار سے ثمر چاہے تو مت ہمراہیون سے دم بھر دور ہو اس دم کہ تو ترک معین کرے پس تو مبتلا ہووے ساتھ بد مصاحب کے یعنی جب کہ تجھ کو مرشد حاصل ہو اُس دم تو تحری دلیل سے سر کو پھیر لے اور ان کی صحبت کو غنیمت جان کہ مصاحب آفت جان ہے آگے مصاحب بد کا حال مینڈک و موش کی مثال مین بیان فرماتے ہین فافہم ۱۲ س۶ اتفاقاً الخ ۶ شعر اتفاقاً موش و مینڈک پانی کا نہر پہ باہم آشنا ہوئے تھے دونون نے وقت مقررہ پہ صبح ایکجا جمع ہوتے تھے اور نرد دل آپس مین کھیلتے تھے اور سینہ خالی کرتے تھے وسواس سے دونون کا حال ملاقات سے خوشی تھا اور کبھی قصہ آپس مین کہتے سنتے تھے زبان بے زبانی سے راز کہتے ترجمہ ضرور کہ جماعت رحمت ہے تاویل جان لے موش اس بات سننے سے خوش ہوتا قصہ پنج سالہ وہ یاد کرتا آگے اسکے حقائق ہین فافہم ۱۲۔

جوش نطق از دل نشان دوستی ست — بستگی نطق از بی الفتی ست
دل کہ دلبر دید کے ماند ترش — بلبلے گل دید کے ماند خمش
ماہی بریان ز آسیب خضر — زندہ گشت و سوی دریا شد مقر
یار چون با یار خوش بنشستہ شد — صد ہزاران لوح سر دانستہ شد
لوح محفوظ است پیشانی یار — راز کونینش نماید آشکار
ہادی راہ است یار اندر قدوم — مصطفیٰ زین گفت اصحابی نجوم
نجم اندر ریگ و دریا رہنماست — چشم اندر نجم نہ کو مقتداست
چشم را با روی او میدار جفت — گرد منگیزان ز راہ بحث و گفت
زانکہ گردد نجم پنہان زان غبار — چشم بہتر از زبان با عثار
تا بگوید زانکہ وحیست شعار — کان نشاند گرد ننگیزد غبار
چون شد آدم مظہر وحی و وداد — ناطقہ او علم الاسما گشاد
نام ہر چیزے چنانکہ ہست آن — از صحیفہ دل روی گشتش زبان
فاش میگفتی زبان از رویتش — جملہ را خاصیت و ماہیتش
آنچنان نامے کہ اشیا را سزد — نے چنانکہ حیز را خواند اسد
نوح نہ صد سالہ در راہ سوی — بود ہر روزیش تذکیر نوی
لعل او تازہ ز یاقوت القلوب — نے رسالہ خواندہ نے قوت القلوب
وعظ را ناموختہ ہیچ از شروح — بلکہ ینبوع کشوف و شرح روح

[1] جوش نطق ہو اک نشان دوستی — بند ہونا نطق کا ہے بے الفتی
دل کو دلبر دیکھے کب ہووے ترش — گل کو بلبل دیکھے کب رہوے خمش
ماہی بریان خضر کے سایہ سے — زندہ ہو کر بھاگے جانب بحر کے
یار بیٹھے یار کے خوش پاس جو — سیکڑوں اسرار سے آگاہ ہو
لوح محفوظ اک ہے پیشانی یار — راز کونین اس سے ہووے آشکار
راہ کا ہادی ہے یار اندر قدوم — مصطفیٰ بولے کہ اصحابی نجوم
[2] بحر ریگستان میں انجم رہنما — دیکھتا انجم کو کہ وہ ہے مقتدا
آشنا کر آنکھ اس کے رو سے تو — مت اٹھا حجت سے گرد راہ کو
کیونکہ پنہاں گرد ہو اس نجم سے — چشم بہتر ہے زبان سے جان لے
تا کہے وہ وحی ہے جسکے شعار — گر بٹھائے گرد اٹھائے نے غبار
پس ہوئے آدم جو مظہر وحی کے — علم الاسما کہا نطق انکی نے
نام ہر شے کہ وہ ہے جس طور سے — بس زبان راوی صحیفہ دل سے ہے
[3] کہتی ظاہر اسکی رویت سے بیان — سبکی خاصیت و ماہیت عیان
نام ایسا کہ وہ لائق شے کے ہو — ایسا نے کہ کہوں شیر اک حیز کو
اور برابر سال نو سو نوح نے — ذکر اک ہر دن کیا نو طرز سے
تازہ لعل انکا بیاقوت القلوب — نے رسالہ دیکھا نے قوت القلوب
وعظ نے سیکھا کسی اک شرح سے — کھل گئے بل چشمے شرح روح کے

[1] جوش نطق آلخ ۶ شعر جوش نطق اک نشان دوستی ہے اور نطق کا بند ہونا بے الفتی ہے آگے اس کی مثال ہے دل کو دلبر دیکھے تو کب ترش ہووے گل کو بلبل دیکھے کب خاموش ہووے ماہی بریان خضر کے سایہ سے جانب بحر کے زندہ ہو کر بھاگے جو یار پاس یار کے بیٹھے سیکڑوں اسرار سے آگاہ ہووے لوح محفوظ پیشانی یار ہے کہ راز کونین اس سے ظاہر ہووے کہ یار رہنمائی میں ہادی راہ ہے مصطفیٰ صلعم نے فرمایا ترجمہ کہ اصحاب میرے ستارے ہیں یعنی صحبت مرشد سے اسرار منکشف ہوتے ہیں کہ پیشانی مرشد کی لوح محفوظ ہے پس بقول حضرت رسول مقبول صلعم کل اولیاء اللہ اصحاب نجوم ہیں آگے اس کا بیان ہے فافہم [2] بحر و ریگستان آلخ ۶ شعر ستارے ریگستان میں شمار تے ہیں انجم کو دیکھ کہ وہ مقتدا ہیں تو آنکھ کو انکے رو سے آشنا کر اور حجت سے گرد راہ کو مت اٹھا کیونکہ ستارہ اس گرد سے پنہان ہو چشم بہتر ہے زبان سے تا وہ کہے کہ وحی جسکی شعار ہے کہ گرد بٹھائے اور غبار نہ اٹھائے جو آدم مظہر وحی کے ہوئے انکی نطق نے علم الاسما کہا ہر ایک شے کا نام جس طور سے ہے زبان راوی صحیفہ دل سے ہے یعنی اولیاء اللہ سے تو اپنی آنکھ کو آشنا کر اور دلیل اور حجت کو درمیان لاکہ مانع انکی دید کا ہو آگے اسکا بیان ہے فافہم ۱۲ [3] کہتی ظاہر آلخ ۶ شعر زبان اس کی رویت سے ظاہر سب کی خاصیت و ماہیت عیان ایسا نام کہ وہ لائق شے کے ہو اور ایسا نام نہیں کہ ایک حیز کو شیر کہے چنانچہ نوح علم نے نوسو برس ہر روز ایک ذکر کیا نئے طرز سے ان کا لعل تازہ ہے روشنی دینے والوں سے اور نہ رسالہ دیکھا علم لدنی کا نہ وعظ سیکھا کسی ایک شرح سے بلکہ شرح روح کے چشمے کھل گئے اس سے جو کوئی اسے کھائے تو گونگے سے آپ نطق جوش کرے یعنی جبکہ نور بینی سے دل روشن ہوتا ہے تو عارف خود بخود وہ باتیں بے سیکھے بیان کرتا ہے کہ کسی کی عقل میں نہیں آتی ہیں آگے اس کا بیان ہے فافہم ۱۲

زان می کان مے چو نوشیده شود — آب نطق از گنگ جوشیده شود
طفل نوزاده شود حبر فصیح — حکمت بالغ بخواند چون مسیح
از کُہ کہ یافت زان می خوش لبی — صد غزل آموخت داؤد نبیؑ
جملہ مرغان ترک کرده چیک چیک — ہم زبان و یار داؤد ملیک
چہ عجب گر مرغ گردد مست او — چون شنید آہن صدای دست او
صرصرے بر عاد قتالی شده — مر سلیمان را چو حمالی شده
صرصرے می برد بر سر تخت شاه — ہر صباح و ہر مسا یکساله راه
ہم شده حمال و ہم جاسوس او — گفت غائب را کنان محسوس او
باد چون گفتار غائب یافتی — سوی گوش آن ملک بشتافتی
کہ فلانی اینچنین گفت آن زمان — ای سلیمان شہ صاحب قران
این سخن حدی ندارد گفت موش — چغز را روزی کہ ای مصباح ہوش

کھائے اُس مے سے جو کوئی شخص ے — آب نطق اک جوش گونگے سے کرے
طفل نوزاده ہو دانا اور فصیح[۵۱] — حکمت بالغ کہے مثل مسیح
کوه سے کہ گویا اُس سے وه ہر — سو غزل سیکھی نبی داؤد نے
چیخنا بس چھوڑا جملہ مرغ نے — ہمزبان داؤد مرسل کے ہوئے
کیا عجب گر مرغ اُس سے مست ہو — جو سنے آہن سے بانگ دست کو
باد قوم عاد پر قاتل ہوئی — اور سلیمان کی وه اک حامل ہوئی
باد[۵۲] لیجاتی تھی سر پر تخت شاه — ہر سحر ہر شام کو اک سالہ راه
ہوئی وه حامل اُنکی اور جاسوس بھی — اور خبر بھی غیب کی محسوس کی
باد جو پاتی خبر بس غیب سے — کان تک پہونچاتی وه اُس شاه کے
کہ کہا ایسا فلان نے اُس زمان — اے سلیمان شہ صاحب قران
بات یہ بیحد ہے مینڈک کو کہا — موش نے اک دن کہ اے صاحب دلا

تدبیر موش با چغز کہ میان ما وسیلتے باید کہ بوقت حاجت نمی توانم بر تو آمدن وسخن گفتن

تدبیر کرنا موش کی ساتھ مینڈک کے کہ ہمارے درمیان مین ایک واسطہ چاہیئے کہ وقت حاجت کے مین تیرے پاس نہین آسکتا ہون نہ بات کرسکتا ہون

وقتہا خواہم کہ گویم با تو راز — تو درون آب داری ترکتاز
بر لب جو من ترا نعره زنان — نشنوی در آب بانگ عاشقان
من بدین وقت معین ای دلیر — می نگردم از ملاقات تو سیر

راز[۵۳] کہنا تجھسے چاہون وقت پے — اور تو رہتا ہے اندر آب کے
مین لب جو پر پکارا دن ہون تجھے — آب مین تو بانگ عاشق نہ سنے
اس مقرر وقت مین اے دلیر — مین نہ ہوتا ہون ترے ملنے سے سیر

---

[۵۱] طفل نوزاده الخ ۵ شعر طفل نوزاده فصیح اور دانا ہووے اور حکمت بالغ مثل مسیح کے کہے کوه سے کہ وه اس مین سے گویا ہے سو غزل داؤد نبی نے سیکھی جملہ مرغ نے چیخنا چھوڑا اور ہمزبان داؤد مرسل کے ہوئے کیا تعجب ہے کہ اُس سے اگر مرغ مست ہو کہ جو سنے آہن نے بانگ دست کو باد قوم عاد پر قاتل ہوئی اور وه سلیمان عم کی ایک حامل ہوئی باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲

[۵۲] باد الخ ۵ شعر باد سر پر لیجاتی تھی تخت شاه کو ہر سحر و شام کو ایک برس کی راه وه ان کی حامل ہوئی و جاسوس بھی اور خبر غیب سے وه اس شاه کے کان تک پہونچاتی کہ فلان نے اس وقت ایسا کہا اے سلیمان شہ صاحب قران یہ بات بیحد ہے مینڈک کو کہا موش نے ایک دن اے صاحب دلا یعنی شراب معرفت جس کو حاصل ہو تمام اشیاے جہان اُس کے تابع ہو آگے موش و مینڈک کا بیان ہے فافہم ۱۲

[۵۳] راز کہنا الخ ۳ شعر تجھ سے راز کہنا چاہتا ہون وقت پر اور تو رہتا ہے اندر آب کے مین لب جو پر پکارتا ہون تجھ کو تو آب مین عاشق کی آواز نہین سنتا ہے اس مقرر وقت مین تیرے ملنے سے بھی سیر نہین ہوتا ہون آگے اس کے حقائق ہین فافہم ۱۲

پنج وقت آمد نماز اے رہنمون — عاشقانرا فی صلوة دائمون
نے بہ پنج آرام گیرد آن خمار — کاندرین سرہاست نی پانصد ہزار
نیست زرغبا طریق عاشقان — سخت مستسقی ست جان صادقان
نیست زرغبا طریق ماہیان — زانکہ بے دریا ندارد انس جان
آب این دریا کہ ہائل بقعہ ایست — باخمار ماہیان یک جرعہ ایست
یکدم ہجران بر عاشق چو سال — وصل سال متصل پیشش خیال
عشق مستسقی ست مستسقی طلب — در پے ہم این و آن چون روز و شب
روز بر شب عاشق ست و مضطر است — چون ببینی شب براو عاشق تر است
نیستشان از گفتگو یکدم ایست — از پے ہم شان یکے دم ایست نیست
این گرفتہ پائے آن آن گوش این — این بران مدہوش و آن بیہوش این
در دل معشوق جملہ عاشق است — در دل عذرا ہمیشہ وامق است
در دل عاشق بجز معشوق نیست — در میانشان فارق و مفروق نیست
بر یکی اشتر بود این دو درا — پس چہ زرغبا بگنجد این دو را
ہیچکس باخویش زرغبا نمود — ہیچکس باخود بہ نوبت یار بود
آن یکی نہ کہ عقلش فہم کرد — فہم این موقوف شد بر مرگ مرد
جز مگر مردے کہ پیش از مرگ مرد — رخت ہستی را بسوی یار برد
ور بعقل ادراک این ممکن بدے — قہر نفس از بہر چہ واجب شدے
باچنان رحمت کہ دارد شاہ ہش — بے ضرورت چون بگوید نفس کش

پانچ وقت آئی نماز اے رہنمون — عاشقونکو فی صلوة دائمون
پانچ پر آرام کب عاشق کو ہے — بھید اسمین ہے نہ پانصد لاکھ ہے
کب ہے زرغبا طریق عاشقان — سخت مستسقی ہے جان صادقان
کب ہو زرغبا طریق ماہیان — کیونکہ بے دریا نہ رکھین انس جان
آب دریا کا ڈر آئے سکو یان — پر ہے اک جرعہ خمار ماہیان
ہجر دم بھر عاشقون کو مثل سال — سال بھر کا وصل انکو اک خیال
عشق مستسقی ہے مستسقی طلب — اسکے آگے در پے جیون روز و شب
شب پہ عاشق روز ہے اور مبتلا — جو تو دیکھے دن پہ عاشق سب سوا
گفتگو سے نے وہ چاہین ٹھہرنا — ٹھہرنا اُن کو نہ اکدم ہے روا
اُسنے پکڑا پاؤن اُسنے اسکا گوش — اُسکو ہوش اس سے نہ اسکو اس سے ہوش
دلمین سب معشوق کے عاشق ہے بس — دل مین عذرا کے سدا وامق ہے بس
دل مین عاشق کے بجز معشوق ہے — اُسکے اندر فارق و مفروق نے
اک شتر پر جیسے دو گھنٹے ہین اب — کیسے زرغبا سمائے دو مین اب
کوئی اپنے سے بھی زرغبا کرے — کوئی خود سے وقت پر یاری رکھے
ایسی ایکی نے کہ جانے عقل اسے — جاننا موقوف اس کا مرگ ہے
جانے وہ کہ پہلے مرنے سے مرا — یار کی سو رخت ہستی لے گیا
ہوتا ممکن جاننا گر عقل سے — ہوتا قہر نفس واجب کس لئے
باوجود اس رحم کے وہ شہریار — بے ضرورت کہتے کیونکر نفس مار

۵۱ پانچ وقت الخ ۱ شعر نماز پانچ وقت آئی ہے اور اون کی درعاشقونکی نماز ہمیشگی کی ہے ترجمہ نماز ہمیشہ ہے پانچ وقت پر عاشق کو آرام کب ہے اسمین بھید ہے نہ پانچسو نہ لاکھ ہے زرغبا کب طریق ماہیون کا ہے کیونکہ بے دریا کے انس و جان نہ رکھین آب دریا کہ سب کو یہان ڈراتا ہے ولیکن ایک جرعہ خمار ماہیون کا ہے دم بھر کا ہجر عاشقونکو مثل سال کے اور سال بھر کا وصل انکو ایک خیال ہے یعنی نماز پانچ وقت کی اورون کی اور عاشقون کی نماز ہمیشگی کی ہے کیونکہ نماز وصال یار ہے پس عاشق وصال یار سے دوری کب گوارا کرتا ہے سو اسواسطے ہر دم نماز مین رہتا ہے زرغبا اورون کے واسطے ہے عاشق کے آگے اسکا بیان ہے فافہم ۱۲ ۵۲ عشق مستسقی الخ ۵ شعر عشق مستسقی ہے اور مستسقی طلب ہے کہ در پے اس کے مانند رات دن کے شب پر عاشق روز ہے اور مبتلا ہے جو دیکھے تو دن پر شب عاشق سوا ہے گفتگو سے پر نہیں چاہتے ہین ٹھہرنا کہ انکو ٹھہرنا ایک دم روا نہین ہے اُس نے پاؤن پکڑا اور اس نے اسکا گوش اسکو ہوش اس سے نہ اسکو ہوش اس سے سب معشوق کے دل مین عاشق ہے اور دل مین عذرا کے سدا وامق ہے یعنی عاشق و معشوق دونون کو خواہش ایک دوسرے کی ہے کہ ایک دوسرے کے در پے ہے مانند رات دن کے آگے اسکا بیان ہے فافہم ۱۲ ۵۳ دل مین عاشق کے الخ ۷ شعر دل مین عاشق کے بجز معشوق کے نہین اور اس کے اندر فارق و مفروق نہین آگے مثال ہے ایک شتر پر دو گھنٹے بجتے ہین زرغبا جیسے دو مین سمائے کوئی خود سے زرغبا کرے اور کوئی خود سے وقت پر یاری رکھے ایسی ایکائی نہین ہے کہ عقل اُسے جانے اسکا جاننا موقوف مرگ پر ہے وہ جانے کہ جو پہلے مرنے سے مرا دریا کی طرف رخت ہستی کی لیگیا اگر عقل سے جاننا ممکن ہوتا نفس پر قہر واجب کس واسطے ہوتا باوجود اس رحم کے وہ شہریار بے ضرورت کیون کہتے کہ نفس کو یعنی عاشق و معشوق مین ایسی آگاہی ہے کہ عقل اسکو نہین جان سکتی ہے اگر جاننا عقل سے ممکن ہوتا تو نفس پر قہر کس واسطے واجب ہوتا اور جناب رسول مقبول صلعم کیون نفس کشی کو فرماتے آگے موتوا کی خوشامد کا بیان ہے فافہم ۱۲

مبالغہ کردن موش در لابہ و زاری در وصلت

گفت اے یار عزیز مہرکار   من ندارم بے رخت یکدم قرار
روز نور و مکسب ماہم توئی   شب قرار و راحت خوابم توئی
از مروت باشد ار شادم کنی   وقت بیوقت از کرم یادم کنی
در شبانروزی وظیفہ چاشتگاہ   راتبہ کردی وصال اے نیکخواہ
من بدین گفتار قانع نیستم   در ہوایت طرفہ انسانیستم
پانصد استسقاستم اندر جگر   با ہر استسقا قرین جوع البقر
بے نیازی از غم من اے امیر   دہ زکات جاہ و بنگر در فقیر
این فقیر بے ادب نادرخورست   لیک لطف عام تو زان برترست
می نجوید لطف عام تو سند   آفتابے بر حدثہا می زند
نور او را زان زیانے نامدہ   آن حدث خشکی ہیزم شدہ
تا حدث در گلخنی شد نور یافت   بر در و دیوار حمامے بتافت
بود آلایش شدہ آرایش کنون   چون برو برخواند خورشید آن فسون
شمس ہم معدہ زمین را گرم کرد   تا زمین باقی حدثہا را بخورد
جزو خاکی گشت و رست از وی نبات   ہکذا یمحو الالہ السیات
جزو خاکی گشت و شد او پر ز نور   ہکذا یغفر لمن یعطی الغفور

مبالغہ کرنا موش کا خوشامد و زاری وصل مین

بولا[1] اے یار عزیز مہربان   مجھکو بے رخ تیرے نے آرام جان
دن کو نور و تاب میری توئی ہے   شب کو راحت خواب میری تو ہی ہے
اب مروت سے مجھے ارشاد کر   وقت بیوقت اب مجھے تو یاد کر
رات اور دن مین وظیفہ صبح کا   وصل سے تونے مقرر کر دیا
مین نہین قانع ہون اس اکبار سے   ہون فنا خواہش مین اپنی انس سے
رکھے[2] استسقے بہت میرا جگر   رکھے استسقے ہر اک جوع البقر
غم سے بے پروا مرے تو اے امیر   دے زکات جاہ و دیکھ اندر فقیر
یہ فقیر بے ادب نا اہل ہے   تیرے لطف عام سے برتر ہوے
چاہیے مخصوصی ترا کب لطف عام   گندگی پر بھی پڑے خورشید نام
نور خور نے اس سے نہ پائی کمی   گندگی وہ خشک ہو ہیزم ہوئی
گندگی گلخن مین جا روشن ہوئی   چمکی در و دیوار پے حمام کی
تھی[3] وہ آلایش اب آرایش ہوئی   اس پے خور نے کی تھی جو افسونگری
گرم معدہ خاک کا خور نے کیا   گندگی باقی کو اس نے کھا لیا
جزو خاکی ہو اُسکے اس سے نبات   ہکذا یمحو الالہ السیات
جزو خاکی وہ ہوئی اور پر یہ نور   ہکذا یغفر لمن یعطی الغفور

---

ہماری زبان جان سپاس رشک یعقوب کے سراسر جلوہ سے یہ کچھ بینائی افزا اثر ڈالا دیکھیں اب اُن نظروں کی دلی آنکھوں پر اس حقیقی شاہد کے حسن کی جلوہ گری کا اثر کیا پڑتا ہے جنھوں نے اپنی ذات کے آئینوں کو ماسوا کے رنگ کی آلودگی سے پاک وصاف کر رکھا ہے ایسے شراب ذوق کی عقلی زبانین کیا کہتی ہین کیا کیا لذتین اُٹھاتی ہین جنھوں نے اپنی جان کے مذاق کو بُری آلودگیون سے بچانے کے واسطے ترک لذت کر دیا ہے اُن دنوں مین اس شاہد کے حسن کا جلوہ کہان تک پاؤن پھیلاتا ہے جن مین سوا اُس کی جلوہ گری کے دوسرے کے گزرنے کا خیال کرنا بھی محال ہے خیر اگلے حضرات کے حق مین تو جہان تک مفید ہو سکتا ہے ہوگا اور ایسے ذوق وشوق والے طالب تو جس درجہ مفید ہون گے۔ اب ہم اس امر کو بیان کرتے ہین کہ اُس دلدادہ عاشق کی تعریف کرتے ہین جس نے اس کے دلنواز حسن سے پورا پورا حسن مذاق حاصل کیا۔ جس نے اُس محبوب کا ایرانی اور شیرازی لباس اُتار کے سواد اعظم ہندوستان کے اس خوشنما لباس سے آراستہ کیا جس سے اُس کے اصلی حسن کا فروغ اتنا بھی کم نہین ہوا اور اس قدر بھی نہین گھٹا جتنا کسی ایرانی شوخ و شنگ کے لباس کی دلربائی کا شکوہ حسن ہندی سے عام یا ہندوستانی پوشاک سے متغیر یا اثر پذیر ہو جاتا ہے جس نے ایک ولایتی باغ کے حسن بہار کے پورا عکس اپنی طبیعت کے فوٹوگراف کے ذریعہ سے ہندوستانی انھین حدود کے ایک خود آراستہ باغ مین اس خوبی بہار کے ساتھ چمن در چمن شاخ در شاخ گل تماشائیون کو دکھا دیا مین نے عارف معارف حقیقت جناب مولوی محمد یوسف علی شاہ صاحب گلشن آبادی سے جن کی طبیعت کے باغ و بہار مشاہدہ کرکے جنگلی بلبلون کی سی نغمہ پرور زبان کے لحاظ سے ان کے متوطن کو جس کی خاصیت یا ان کی ذات کی وجہ سے زینت آلودہ اور اسم با مسمی کر سکتے ہین مقت۔ اسے عارفان کاملین مین جناب مولانا جلال الدین رومی رحمۃ اللہ علیہ کی مثنوی کا شعر بشعر ترجمہ و شرح آٹھ برس کی عرق ریزی مین نظم و نثر کو انجام ہو پہنچایا اور با وجود اس التزام کے کہ ایک شعر کا ترجمہ حتی الامکان لفظ بلفظ ایک ہی شعر مین کیا ہے دلچسپی اور دلآویزی نظم مین کوئی نقصان نہین آنے دیا سچ ہے ذلک فضل اللہ یوتیہ من یشاء واقعی یہ شریعت کا دستور طریقت کا ہادی کا مخزن معرفت کا آئینہ عجب خوش طالع ادا غریب شاہد ہے جس کا جلوہ حسن پر رنگ کی رنگ آمیزی سے دوبالا ہی ہوتا ہی چلا آتا ہے بغیر لباس ہوا تو ایسا دلکش ایسے ہی نازک خیال سخن شناس کے اہتمام سے اب اُس پوشاک پر زیور طبع سے آراستہ کیا تو ویسے ہی کامل فن نازک مزاجون کے مرتبہ شناسی ہے جس مطبع کا حسن طبع اس وقت روے زمین کی کتابون کے عنوان مین چاند کا دعویٰ کر رہا ہے جس کے کارخانہ مین کام کار پردازان کا حسن انتظام اس وقت نظم پروین کو شرمارہا ہے جس کے مطبع کے ادنیٰ ادنیٰ کاتبون کے سامنے بڑے بڑے اُن کتابون کے ورق مکتوب ہین جس کا سبز ہر بہشت مین اوراق فلک پر اپنا چھاپہ چھاپنے کا ارادہ کر رہا ہے یعنی ہنرمندان کے قدردان فطرتی اولوالعزم جناب منشی نولکشور صاحب مالک مطبع اودھ اخبار نے بصرف کثیر پانچ سال کی مدت مین کمال صحت و زیبائی سے طبع کرایا اور بہ نظر بدین کہ سالکان سالک تصوف حضرت مصنف مدظلہ کی جانکاہی کی پوری پوری داد دیوین زیادتی مصارف حجم سے قطع نظر کرکے اس ترجمہ کو جاذب نظر چھپوایا الحمد للہ تعالے ذلک

عشق ہے در اصل ذات کبریا — حسن ہے در اصل نور مصطفےٰ
عشق کے پر جوش سے عالم ہوا — حسن کے پر جوش سے آدم ہوا
عشق کا عالم میں ہی سارا ظہور — حسن کا آدم میں ہی اظہار نور
عشق کا اور حسن کا ہے سب ظہور — عشق کا اور حسن کا ہی نام نور
کر تو اب تفصیل اس اجمال کی — تا کہ ظاہر سب پہ ہو نور نبی

عشق ہے دریائے ذات سرمدی — حسن ہے در صفات احمدی
عشق سے پیدا ہوا عرش برین — حسن سے پیدا ہوا فرش زمین
عشق سے اور عشق سے روحانیان — عشق سے اور حسن سے جسمانیان
نور نام اللہ محمد کا ہوا — اسلئے کہ حسن و عشق ہی ایک سا
اس غزل سے جان تو کچھ راز کو — ورنہ کیا جانے نیاز و ناز کو

غزل

شاہ کون و مکان بنا ہی عشق — جلوہ فرمائے کن ہوا ہی عشق
نور عرش برین و مہر زمین — ظاہر و باطنا بنا ہے عشق
حق جمیل و جمال کا محبوب — حسن کا جو کہ مبتلا ہے عشق
مثل احمد نہین ہی کوئی حسین — جس پہ اللہ کو آگیا ہے عشق
عشق ہادی و عشق مرشد ہے — عشق طالب و مدعا ہے عشق
عشق عاشق ہی عشق ہی معشوق — خود کے اوپر ہی خود فدا ہی عشق
حسن یوسف کا جو ہوا بھوکا — جون زلیخا اُسے بلا ہی عشق

ہادی راہ و پیشوا ہے عشق — طالبون کا خدا نما ہے عشق
اُسپہ ظاہر ہوا ہے حسن ازل — جسکی آنکھون مین بس گیا ہی عشق
کیون نہ چاہے خدا محمدؐ کو — پردہ دار اُنکا ہو گیا ہے عشق
اول آخر و ظاہر و باطن — عشق اللہ و مصطفےٰؐ ہی عشق
عاشقون کے لئے ہدایت ہے — جس جگر کے لیی دکھا ہے عشق
کیون نہ عاشق کو عشق سے ہو شفا — خود مرض عشق خود دوا ہے عشق
حسن یوسف کا جو ہوا خواہان — اُسکا عاشق خود ہو گیا ہے عشق

الف صلوا علی ادبی العربی — سید الانبیا روحی العجمی
بھیج لاکھون درود اور سلام — اس مدینہ کے چاند پر ہر دم

یہ روایت کرتے ہین سلطان جی — یعنی محبوب الٰہی دہلوی
آئینہ اک عالم لاہوت کا — پیدا کر کے خود ہوا جلوہ نما
عشقبازی سے تھا جو کہ مدعا — وان نہ کامل عشق کو آیا مزا
پھر سہ کر دو عالم ملکوت کو — لایا صورت مین کیا تسکین ہو
آخر اس پردہ مین جلوہ حسن کا — جس طرح چاہا تھا ظاہر ہو گیا
حسن کی خاطر جہان پیدا ہوا — عالم ناسوت کو مظہر کیا
ہے یہ سب تفصیل اس اجمال کی — جو مین لکھتا ہون میلاد نبی

جو کہ ذات پاک شاہ عشق نے — عشق بازی کرنا چاہی آپ سے
حسن کی صورت اُسے آئی نظر — دیکھ اُس کو ہو گیا مشتاق تر
عالم جبروت پھر ظاہر کیا — تا کہ تسکین ہو نہ پایا مدعا
جو نہ لذت پائی اُس صورت سے بھی — عالم ناسوت کی تخلیق کی
عشق کو تب حسن سے تسکین ملی — عشق بازی کی ہی یہ جلوہ گری
اسلئے لولاک اللہ نے کہا — مصطفےٰؐ کو تا ہونے وہ مبتدا
اس غزل سے جان حسن و عشق کو — تا نیاز و ناز ظاہر تجھ پہ ہو

غزل

دل مرا عشق سے پر نور ہوا خوب ہوا — خانہ ویران مرا معمور ہوا خوب ہوا
منظر حسن کو عشاق ہر اک دیکھے گا — عشق کو حسن جو منظور ہوا خوب ہوا

آتش عشق نے دل کو کیا روشن میرے | زنگ دل کا مرے کافور ہوا خوب ہوا
پردۂ حسن میں ملتا ہو ہر اک جا جو صنم | اس کے ملنے کا یہ دستور ہوا خوب ہوا
درد فرقت سے نہیں تھمتا ہے آنسو اک دم | چشم گریان میں جو ناسور ہوا خوب ہوا
سرمگین آنکھ میں پتلی کو دکھا نور کلیم | ڈھیلا آنکھوں کا اگر طور ہوا خوب ہوا
چشم غم دید سے تیرے سٹے وحدت ٹپکی | دید سے دیدہ جو انگور ہوا خوب ہوا
کیفیت ڈاک کی اب خوب نظر آئے گی | یہ نگین رخ کا جو بلور ہوا خوب ہوا
کفر و اسلام چھپا عشق میں یوسف تجھے | رات دن کا یہ غلش دور ہوا خوب ہوا

نہ کھٹکا دلسے یہ نرے

الف صلوا علی النبی العربی	سید الانبیاء والعجمی	بھیج لاکھوں درود اور سلام	اس مدینے کے چاند پر تو مدام
ہے حدیثوں میں یہ قول مصطفیٰ	کنت کنزاً مخفیاً حق نے کہا	یعنی اک نور اسنے باجملہ صفات	ظاہر اپنے سے کیا مانند ذات
سب شیونات اسمیں تو موجود تھے	پر نہ ظاہر خوب وہ اس سے ہوئے	دوسرے اس نے تجلی پھر کری	صبح کاذب کی طرح بس وہ بھی
گرچہ اعیان اسمیں بھی موجود تھے	حسب لخواہ پر نہیں ظاہر ہوئے	تیسرے اس نے تجلی کی وہاں	مثل دن کے ہو گیا سب کچھ عیاں
یعنی اعیان اور شیونات عیان	روح بن کر ہو گئے بالکل عیان	پہلا جلوہ عالم لاہوت تھا	دوسرا وہ عالم جبروت تھا
تیسرے ملکوت میں جلوہ کیا	دیکھا تب ارواح کو بس خوشنما	چشم نورانی میں ان سب کو لے کہا	اور الست بربکم سب کو کہا
یعنی اس رہ سے بنایا آپ کو	کہیں رب ہوں تمہارا جان لو	سب نے اس دم تب کہا قالو بلیٰ	یعنی تو رب ہے ہمارا اے خدا
صف بصف ہو کر اسے سجدہ کیا	کھل گیا سجدہ سے سب چھایا ہوا	جس نے سجدہ اول و آخر کیا	وہ مسلمان اور مسلم ہو گیا
جس نے سجدہ ایک اول کو کیا	پہلے مسلم بعدہ کافر گیا	جس نے سجدہ ایک آخر کو کیا	پہلے کافر بعدہ مسلم گیا
دونوں سجدوں سے کہ جو تھا حاصلہ	اول و آخر نہیں وہ کافر گیا	نور سے پھر نار کو پیدا کیا	نار سے پھر باد کو افشا کیا
باد سے پھر آب کو ظاہر کیا	آب سے پھر خاک کو باہر کیا	جسم آدم ان سے پھر پیدا کیا	اور اس میں روح کو لاکر رکھا
اس کو مسجود ملائک خود کیا	اور نفخت فیہ من روحی کہا	روح پیدا نور احمدؐ سے ہوئی	حق نے روح اپنی اسے کیسے کہی
سجدہ پہلے روح نے کس کو کیا	کون مسجود ملائک پھر ہوا	پس ہوا ثابت کہ نور احمدی	باصفات و ذات روح آدم کی تھی
نور احمد جبکہ نور حق سے ہے	روح آدم ہو گئی اللہ سے	نحن اقرب کہتا ہے وہ اسلئے	جسم آدمؑ کو کہ روح حق کی رکھے
نور اللہ کا ہے نور احمدی	نور احمد روح آدم کی ہوئی	حسن آدم زاد میں جبکہ وہی	جلوہ کرتا ہے سجانے پر کوئی
حسن کے جو راز سے ہیں آشنا	وہ ہیں بیشک عاشقان مصطفیٰ	بھید اسکا اس غزل سے جان تو	تا صفائی ہووے تیری جان کو

غزل

محمد کی حقیقت کو ذرا جانا نہ پہچانا | خدا سے انکو باطن میں جدا جانا نہ پہچانا

سراپا جلوۂ حق ہیں وہ نور ذات مطلق ہیں ۔ بشر کی شکل صورت میں گویا جانا نہ پہچانا
خدا کا نور احمدؐ میں بنا کر جسم کا پردہ ۔ ترسٹھ سال دنیا میں رہا جانا نہ پہچانا
فرشتوں نے انھیں سجدہ کیا تو شکل آدم میں ۔ مگر کچھ حسن کو اُن کے ذرا جانا نہ پہچانا
سنا حوروں نے پردہ سے اُس آواز الستی کو ۔ کہ کہتا کون ہے اس کو خدا جانا نہ پہچانا
احد کا بیخودی سے دیکھ تو ہمشکل احمد کو ۔ محمدؐ کو خودی سے گر جدا جانا نہ پہچانا
نظر کر حسن احمدؐ کو اسے یوسف چشم عشقی ۔ زلیخا کی طرح گر ظاہرا جانا نہ پہچانا

الف صلوا علی اولی العربی ۔ سید الانبیا روا لعجمی ۔ بھیج لاکھوں درود اور سلام ۔ اس مدینہ کے چاند پر تو مدام

راوی لکھتا ہے کہ حسن عشق کا
جب کہ حسن و عشق کو ظاہر کیا
اس امانت کو اٹھائیں ہم اگر
پر نہ جانا پہلے حسن و عشق کو
پیدا اُن کے دل سے حوا کو کیا
جیسے پہلے عشق کو تسکین ملی
مرد کی صورت اگرچہ خاص ہے
گویا آدم عشق و حوا حسن ہے
جبکہ حوا سے ہوئے آدم جدا
آدم عشق و حسن سے بالا ہوا
پیدا آدم عشق بازی کو ہوا
مصطفےٰ کو ظاہر اللہ نے کیا

نور اُس خالق نے جب پیدا کیا
اور ہر عالم کے نہیں اُسنے لیا
ٹکڑے ٹکڑے ہو ہمارا جسم و سر
کہ یہ کیا ہے چیز اور کیا اس سے ہو
اُنکا تب جنت میں آخر دل لگا
ویسے ہی اس شکل سے تسکین ہوئی
لیک عورت بھی اخص الخاص ہے
حسن سے عشق اسلئے رغبت رکھے
تب یہ بھید آخر کو آدم پر کھلا
آدم حسن و عشق کا پتلا ہوا
ورنہ طاعت کو ملائک کم تھے کیا
اب کرے ظاہر خدا کو مصطفےٰ
اس غزل سے جان تو اس بھید کو

تب امانتدار اُس کے واسطے
آسمان و کوہ نے حق سے کہا
بوجھ بھاری تب وہ آدم نے لیا
گرچہ جنت میں تھیں ساری نعمتیں
گویا اُن سے حق نے صورت حسن کی
اس لئے ہوتا ہے عورت کو حیا
حسن جو کہ عشق کو مرغوب ہے
سارا عالم پیدا حسن و عشق سے
کہ جہان اس حسن کی خاطر بنا
عشق سے انسان ہوا ہی بس شریف
ہے وہ عشق و حسن نور احمدی
بھید حسن و عشق کا اُس پر کھلا
تا سمجھ انسان کی کچھ قدر ہو

اک ہوا درکار تا کہ اُسکو دے
کہ یہ ہم سے بوجھ بھاری کب اٹھا
آگے حق کے ظالم و جاہل ہوا
پر نہ تھیں آدم کو اس سے فرحتیں
پیدا کرکے عشق کو تسکین دی
مرد سے کہ حسن سے لاتا ہی تاب
مرد کو زن اس لئے محبوب ہے
جو نہ جانے وہ نہیں انسان ہے
اور کیا مجکو بھی جنت سے جدا
حسن سے انسان ہوا ہی بس لطیف
جسم میں کرتا ہے وہ جلوہ گری
جس کے رہبر انبیا رو دلبیا

غزل

شکل انسان میں چھپا ہے تن و جانان یا ہو ۔ جلوۂ ذات خدا ہے تن و جانان یا ہو
اس لئے مظہر نیرنگ ہوا ہے عالم ۔ رنگ میں رنگ ملا ہے تن و جانان یا ہو
مظہر نور خدا ہے جو محمدؐ کا ظہور ۔ نور احمد سے بنا ہے تن و جانان یا ہو
چاند سورج کی ضیا سے ہے جہان سب روشن ۔ کوئی کیا جانے کہ کیا ہے تن و جانان یا ہو

اب مجھے شک نہیں اثبات ونفی پر اپنی	کلمہ گو یوں سے بنا ہے تن وجانان یا ہو
شمع فانوس مین روشن ہے بدن کے اندر	نور مین نور بھرا ہے تن وجانان یا ہو
یوسف اپنا چشم حقیقت کو ذرا کھول کے دیکھ	ذات حق جلوہ نما ہے تن وجانان یا ہو

الف صلوا علی ادنی العربی	سید الانبیاء والعجمی	بھیج لاکھون درود اور سلام	اس مدینہ کے چاند پر تو مدام
راویون نے ہی روایت مین لکھا	نور احمد منتقل ایسے ہوا	یعنی جب کہ پہنچا وہ آدم تلک	کر دیا آدم کو مسجود ملک
شیث کو جبکہ وہ آدم سے ملا	جانشین آدم کا اس کو کر دیا	شیث سے جب وہ ملا ادریس کو	داخل جنت کیا ادریس کو
نوح کو ادریس سے جبکہ ملا	اس سے بیڑا پار نوح کا ہو گیا	نوح سے جب پایا ابراہیم نے	ہو گئی گلزار نار اس نور سے
جب کہ اسمعیل نے پایا وہ نور	تب رہا آخر وہ قربانی سے دور	مطلب ہاشم و عبداللہ تک	منتقل ہو کر وہ آیا یک بیک
پاک پیٹ اور پاک پیٹھ انکی ہوئی	اور انھین کعبہ کی سرداری ملی	گرچہ دکھتے تھے وہ ظاہر کفر سے	پر بقول مصطفے وہ پاک تھے
کیونکہ ظاہر پیٹ پیٹھ حضرت کہین	اسپیے اجداد دون کو جانو پاک ہین	حقیقت انکی جانے وہ کوئی	کھل گیا ہے جسپہ سر احمدی

غزل

نور احمد کو جا بجا دیکھا	کہین شامل کہین جدا دیکھا	کہین آدم تھا اور کہین تھا شیث	کہین ادریس یا جبا دیکھا
کہین تھا نوح اور اسمعیل	کہین جلوہ خلیل کا دیکھا	کہین عبد مناف اور ہاشم	اور کہین مطلب بنا دیکھا
کہین تھا آمنہ و عبداللہ	اور کہین شکل مصطفے دیکھا	جبکہ عبداللہ سے ہوا پیدا	خاص بندون کا پیشوا دیکھا
	کیون نہ ہو امر یاس اے یوسف	آمنہ جا بیاب مجتبے دیکھا	
تا بعبداللہ اجداد نبی	خوبصورت اور شکیل آئے سبھی	حسن احمد کا تھا یہ سارا ظہور	کہ چمکتا تھا ہر اک سے آب نور
گویا سب خاکے تھے اس تصویر کے	اور بھر رنگ ان خاکون کے تھے	اس لئے مجمع نبی احمد ہوئے	اس لئے مرجع نبی احمد ہوئے

غزل

ظہور خدا سے جو شکل محمد	ہے ہر شکل سب کے وہ شکل محمد	بنائیں بہت صورتین انبیا کی	نبی تب وہ آخر کو شکل محمد
سمائی ہو اس شکل مین سبکی صورت	ہے مجمع نبی دیکھو شکل محمد	صفات انبیا کی اسی مین ہی ظاہر	کہ منبع ہے سب کی وہ شکل محمد
	کھلے حسن کا راز اسیر اے یوسف	کر آنکھون مین جسکی ہو شکل محمد	
ایک صوفی معترض سنکر ہوا	نور احمد منتقل کیون کر ہوا	نور احمد سے تو سب عالم بنا	نور احمد کیسے آدم مین گیا
جزو مین کل ہرگز آ سکتا نہین	بحر قطرہ مین سما سکتا نہین	نور وہ گر جملہ آدم مین گیا	با ہر عالم کیسے آدم سے گیا
گر رہا باہر تو نور احمدی	آیا آدم مین وہ تھوڑا نہ سبھی	جسم احمد مین وہ نور احمدی	تا فصل اس عالم مین آئے گیا جی

جان تو اس بات کو اے مدعی
نور کی تقسیم سے نے ہوتی کبھی

جو بسیط ہو وہ نہین قسمت پذیر
تیری کج فہمی ہے اے نادان فقیر

نور احمد کا تھا با جملہ صفات
تھے شیونات اور اعیان اسکے ساتھ

ہر شیونات اس سے باہر ہوگیا
نور احمد اُس کے اندر ہوگیا

جیسے اندر نور ہے خورشید کے
اور نکلا نور ہین خورشید سے ہے

قرص خور کی کچھ نہین قسمت ہوئی
یہ حقیقت مصطفےٰ کے نور کی

یا کہ خط نقطہ کے اندر ہی نہان
نقطہ پنہان ہو جو خط ہوئے عیان

تا کہ ہمراہی ہے روغن شیر کے
اور نہین کچھ شیر سے روغن جدا ہے

لیکن آدم سے وہ نور احمدی
مصطفےٰ کے جسم تک آیا سبھی

ہان شیونات اُس سے ظاہر ہوگئے
جو کہ اندر تھے وہ باہر ہوگئے

بھید اسکا آنکھ کی تل اوٹ ہی
یہ وہ جانے چشم باطن جب کھلے

اس غزل سے جان تو اس راز کو
تا کہ راز حق سے واقف کچھ تو ہو

غزل

گلاب ریز تھا پہلے گلاب کے اندر
گلاب بیش ہے اب تو گلاب کے اندر

حباب سب کی نظر مین ہے آب کے اندر
ہے آب دید مین اپنی حباب کے اندر

یہ قال حال فقیرون کا حال قال نہین
کہ حال قال نہین ہے کتاب کے اندر

خدائی کیون نہین حاصل ہو خاکسارون مین
بھرا ہے گنج خدا بوتراب کے اندر

خدا کی باتین وہ کرتا ہے ہم سے در پردہ
ہمین کچھ اور ہی شک ہو حجاب کے اندر

عذاب ہوگئی دنیا ہوا ہے جنت مین
پڑے ہین شیخ جی اپنے ثواب کے اندر

جفاے دوست سے یوسف عزیز مصر ہو
خطاب ملتا ہے آخر عتاب کے اندر

یہ روایت فاطمہ زہرا سے ہی
تھی مین خدمت مین رسول اللہ کے

آپ نے ازراہ شفقت کے اُٹھا
اپنا عمامہ میرے سر پر رکھا

چشم باطن اُس سے میری کھل گئی
کشف عالم ہوگیا مجھپر سبھی

دیکھا میرا جسم کل عالم مین ہے
ناری اور ساری نہ خاکی کوئی ہے

جبکہ آل مصطفےٰ کا ہو یہ حال
پھر رسول اللہ مین کیا قیل و قال

غزل

جب آنکھ کھل گئی مجھے وحدت نظر پڑی
باطن مین احد و احمدی صورت نظر پڑی

کہتا ہی اب حباب یہ دریا سے دمبدم
کھلتے ہی آنکھ کے تری عظمت نظر پڑی

مرنے کے بعد زندگی جاوید کی ملی
جاتا تھا زندگی جسے غفلت نظر پڑی

ڈوبا پڑا ہے بحر وحدت کے سیحان
گرچہ مثال موجون کی کثرت نظر پڑی

خود کو فنا کیا تو دکھا نور مصطفےٰ
یوسف جہان کی یہ نہایت نظر پڑی

الصلوا علی النبی العربی
سید الانبیا و العجمی

بھیج لاکھون درود اور سلام
اُس مدینہ کے چاند پر تو مدام

جبکہ عبداللہ کو ہوا تھا شباب / نور احمد سے ہوا ابا آب و تاب
یوسف ثانی تھا گویا حسن مین / مصر کی سب تھین خریدار عورتین
وہب نے تب چاہا عبداللہ کو دون / چاند کو سورج سے مین باہم کرون
شادی عبداللہ کی کرنا ہے ضرور / مفسدہ تا عورتون کا ہووے دور
ہو گئین سو جان سے عاشق اپنی وہ / دیکھا اُنہین جو ظہور حسن کو
جس کے مان اور باپ ایسے ہون حسین / کیون نہو محبوب رب العالمین

عورتین کرتی تھین اکثر خواہشین / کہ نکاح اُس ماہ انور سے کرین
آمنہ تھین جو کہ بیٹی وہب کی / حسن مین لاثانی دولت سے غنی
جبکہ عبدالمطلب نے یہ سنا / اپنی بی بی فاطمہ سے بس کہا
وہب کے یان فاطمہ جبکہ گئین / آمنہ کو دیکھا از بسکہ حسین
مانگی لڑکی وہب بھی راضی ہوا / دونون نے سامان شادی کا کیا
کیونکہ تک حسن و عشق کی وصل مین / نور اللہ ہین با طرف وصل مین

غزل

محمد سا کوئی نہین خوبرو ہے / کہ یوسف کو جسکی بہت جستجو ہے
محمد کے یان پیرہن سارے تماشے / خدا کے یہان ہمنے دیکھا او بیٹھے
حقیقت سے جو دل ہے آگاہ یوسف

کوئی ہمکلام اُنسے کیا منھ کہ ہووے / کلام خدا اُنکی سب گفتگو ہے
لبھاتی ہے دل کو یہ آواز کس کی / خوش آواز ثانی ہے نے خوش گلو ہے
وہ ہر گل مین پایا تا محمد کی بو ہے

الف صلوا علی اولی العربی / سید الانبیاء والنبی
بھیج لاکھون درود اور سلام / اُس مدینہ کے چاند پر تو مدام

الغرض کہ شادی عبداللہ کی / آمنہ خاتون سے جبکہ ہوئی
جبکہ باہم مل گئے وہ نیرین / جوش حسن و عشق آیا جانبین
حب کمال آتا ہے حسن و عشق کو / راز کھلتا ہے نہین چھپتا ہے وہ
یعنی وہ نور محمد مصطفے / جو کہ مطلق تھا مقید ہو گیا
چاند مین سورج سے جو آتا ہے نور / انکی ظلمت کو وہ کر دیتا ہے دور
سارے بت روئے زمین گر گر گئے / خود ہی منہ نجات سے انکے پھر گئے
آمد آمد جب ہوئی اُس شاہ کی

مر گئین اکثر عرب کی عورتین / رشک سے جنکو کہ تھین بس خواہشین
عشق نے چاہا کہ ہو پردہ دری / حسن نے چاہا کہ ہو پوشیدگی
بس نتیجہ ہو گیا اُسکا عیان / عشق کیونکہ حسن صفری تھا نہان
بس نکلکر پشت عبداللہ سے / آمنہ خاتون مین آیا جسم لے
کفر کی ظلمت کو بس اِس ماہ نے / دور زائل کر دیا آفاق سے
نور سے معمور عالم ہو گیا / در ہر اک جنت کا دروازہ کھلا
اک بہار عالم مین پیدا ہو گئی

غزل

عشق احمد کیون نہووے دلپہ طاری ان دنون / باغ حق مین چل رہی باد بہاری ان دنون
تک رہی ہے آنکھ اُس کو نرگس بیمار کی / چشم حیران سے ہے ظاہر انتظاری ان دنون
آئینہ رویون مین دکھتا ہے جو عکس روئے یار / کیا لگا تیر نگہ اب دلپہ کاری ان دنون
یاد ہم تمکو کرین اور تم نہ پوچھو کچھ ہمین / رہ گئی کیا یہ ہی صاحب دستاری ان دنون
پوچھتا کوئی نہین حال زلیخا مردہ دل / حسن یوسف کا ہے چرچا یا نیہ جاری ان دنون

الف صلوا علی ادی العربی	سید الانبیاء و العجمی	بھیج لاکھون درود اور سلام	اس مدینہ کے چاند پر تو مدام
حاملہ جب آمنہ خاتون ہوئی	پانی برسا اور گرانی سب گئی	اس برس ہر ایک کے لڑکا ہوا	اور درخت خشک مین میوہ لگا
پر سفر دنیا سے عبد اللہ نے	آپ سے پہلے کیا افسوس ہے	رنج تھا سب کو ہوئے احمد یتیم	گرچہ رکھتا قدر ہے دُرِّ یتیم
پر خدا کی اسمین حکمت تھی نہان	کہ نہ رکھتا باپ کو اندر جہان	ظاہرا حکمت یہ تھی کہ زندگی	بس تھی عبد اللہ کی نور احمدی
رحم مادر مین جب آئے وہ جسیم	مرگئے مرحوم باپ اور خود یتیم	گویا نور احمدی سے جیتے تھے	جان کی جا نور احمد رکھتے تھے
راز گر میلاد احمد کا لکھون	سامعین کو ہوئے حیرت اور جنون	خوب کہتا ہے یہ راز معنوی	پردہ میلاد مین تو یوسفی

غزل

میلاد محمد کا بیان ہو نہین سکتا — اک راز نہان ہے کہ عیان ہو نہین سکتا

دل چاہتا ہے محفل مین بیان کچھ تو کرون راز — پر کیا کرون ہمراز جنان ہو نہین سکتا

پروانہ کے مانند جلا عشق نبی مین — پر شمع صفت راز نہان ہو نہین سکتا

جون اہل عرب کرتا مین میلاد کی محفل — پر کیا کرون افسوس نہان ہو نہین سکتا

میلاد نبی مین کہا کل راز حقیقت — اب اس سے سوا ذکر زبان ہو نہین سکتا

دل زندہ کیا کرتی ہے تذکیر محمد — پر تجھ سے ہمیشہ مرجان ہو نہین سکتا

میلاد کے پردہ مین وہ لکھتا ہو حقیقت — یوسف کی طرح تم سے بیان ہو نہین سکتا

الف صلوا علی ادی العربی	سید الانبیاء و العجمی	بھیج لاکھون درود اور سلام	اس مدینہ کے چاند پر تو مدام
آمنہ کہتی ہین مجکو حمل کے	چھ مہینے تک نہ کچھ آثار تھے	خواب مین دیکھا کہ کہتا ہے کوئی	حاملہ تو فخر عالم سے ہوئی
جبکہ پیدا ہو تیرے طفل نکو	بس محمد نام رکھنا اس کا تو	حمد بس ثابت محمد پہ ہوئی	کہ یہ کل تعریف ہین اللہ کی
آگہی ہوتی ہے جو تعریف سے	مصطفے پہچان حق کی ہو گئی	اس لئے اللہ نے از خود رکھا	نام اُنکا بس محمد مصطفے
صاف ظاہر ہے کہ اللہ کے سوا	کون کرتا ہے یہ تعلیم و ہدا	کیونکہ ہیدی اللہ کہتا ہے خدا	مت ہدایت جانو تم حق کے سوا
ماہ ربیع الاول آیا اور ہوا	بارھوین تاریخ جو دن پیر کا	عالم افلاک مین ہل چل پڑی	عالم جنات مین کھلبل پڑی
جنتون کے سارے دروازے کھلے	دوزخون مین قفل بھاری پڑ گئے	بس منادی اور ندا کرنے لگا	کہ خبردار آتے ہین خیر الورا
اور فرشتون کے لگے سب ہاو ہو	دینے آپسمین ہر اک کو خوش خبر	آسمان ٹھہرا ہوا بس رک گئی	تھم گیا پانی و آتش بجھ گئی
آسمان پر سب ستارے تھم گئے	اور نحوست سے وہ بالکل چھپ گئے	باہزاران شوکت و جاہ و جلال	اور لاکھون تمکنت و عز و کمال
احمد مرسل محمد مصطفے	پیدا عالم مین ہوئے صل علی	اٹھ کھڑے ہو مومنو تعظیم کو	اور جھکا دو اپنا سر تسلیم کو

غزل

طلوع مہر نبوت سے خوش جہان ہے آج — شعاع نور سے اُس کے پر آسمان ہے آج
فضائے عرش برین کیون نہووے عرش برین — کہ لامکان کا مکین صاحب مکان ہے آج
جہان کیون نہین گھر کو خدا کے اب پوجے — خدا کے گھر مین جو میلاد شہ جہان ہے آج
سنا ہے جب سے کہ پیدا ہوسے رسول خدا — خوشی سے پھولا سماتا نہ انس و جان ہے آج
سیاہی کفر و ضلالت کی کب رہے باقی — نبی کے نور سے معمور دو جہان ہے آج
جہان مین جو کہ دکھاتی ہے صورت رحمت — خدا تمام خلائق یہ مہربان ہے آج
درود بیٹھ کے اب پڑھ تو اس جگہ یوسف — ظہور نور محمد کا جو بیان ہے آج

صل یا رب علی خیر الانام — الف مرۃ ثم مثلہا السلام
بھیج تو یا رب درود ہم سلام — مصطفےٰ پر آل پر سکی مدام

مبارکباد

جلوۂ مصطفےٰ مبارک ہو — رحمت کبریا مبارک ہو
تیرہ والّیل سے ہوا پیدا — نور شمس الضحیٰ مبارک ہو
ہاجرہ آمنہ سے کہتی تھین — تجھ کو بچہ ترا مبارک ہو
مطلب سے ہر ایک کہتا تھا — احمد مجتبیٰ مبارک ہو
گھر مین اللہ کے ہوا پیدا — مالک دوسرا مبارک ہو
دوست خوشحال و دشمنان پامال — ہے یہ میری دعا مبارک ہو

آئے عالم مین جو شہ والا — جشن میلاد کا مبارک ہو
نخل امید مین ثمر آیا — مرحبا مرحبا مبارک ہو
زچہ گیری ہر ایک گاتی تھی — پھولو پھیلو سدا مبارک ہو
نام ہاشم کا اس سے چمکے گا — یہ دُر بے بہا مبارک ہو
باغ دنیا کا ہو تر و تازہ — ہے یہ باد صبا مبارک ہو
مانگ اسوقت یہ دعا یوسف — تیرا میلاد تا مبارک ہو

سلام

السلام اے بادشاہ دو جہان — السلام اے سرور کون و مکان
السلام اے رحمۃ للعالمین — السلام اے مقتدائے مرسلین
السلام اے نور اللہ السلام — السلام اے عرش کے مہ السلام
عشق دنیا مین میرا حامی بنے — عشق عقبیٰ مین میرا حامی بنے
عشق کے ہمراہ دنیا سے چلون — عشق کے ہمراہ مین تم سے ملون
عشق سے ہون یار میرے باصفا — عشق سے ہو آل میری باوفا
لو سلام اب یا محمد لو سلام

السلام اے انبیا کے پیشوا — السلام اے اولیا کے رہنما
السلام اے شافع روز جزا — السلام اے حامی اہل سزا
عرض اس بندے کی اب ہووے قبول — حسن کی ہو وے دیدار رسول
عشق دنیا مین مجھے رکھے عزیز — عشق عقبیٰ مین مجھے دیوے تمیز
عشق دنیا مین مرا دلدار ہو — عشق عقبیٰ مین مرا دیدار ہو
عشق یوسف کو کرے عاشق نبی — حسن یوسف کو کرے یا نگاہ عشق
آپ پر یوسف کا ہو ہردم سلام

الف صلوا علی اولی العربی — سید الانبیاء دو العجمی
بھیج لاکھون درود اور سلام — اس مدینہ کے چاند پر ہر دم

جبکہ دنیا میں محمد مصطفےٰ
دین کے نقارے عالم میں بجے
دور ظلمت کی خزاں ہوئی ایکبار
تین شخص آئے وہاں پر غیب سے
جامہ پہنا کر کے حضرت سے کہا
صاف آلایش سے دنیا کی ہے
جسم نورانی ہے شعلہ شمع کا
اس طرح تھا جسم احمد کا حلیم

جلوہ فرما آئے با عز و علا
احمدی جھنڈے سے کفر ہر جا ہوئے
... ربیع کا آیا اور چمکی بہار
طشت جامہ اور صراحی کو لئے
علم اول آخر آپ ہی کو ملا
ظاہر و باطن کیا اللہ نے
شعلہ کٹ سکتا نہیں ہے ظاہرا
علم دیتا تھا خدا اسکا وہ کلیم
یہ غزل پڑھتا تھا ہر اک شوق سے

نور سے معمور عالم ہو گیا
آگ فارس کی قدیمی بجھ گئی
یہ روایت آمنہ خاتون سے ہے
پس محمد کو بٹھا کر طشت میں
یعنی آب نور سے اس نور کا
جسم اطہر شمع کی مانند تھا
خانہ تاریک کو روشن کرے
ورنہ پاک آیا تھا تن انکا یہاں
جب محمد پیدا عالم میں ہوئے

کفر کی ظلمت کو زائل کر دیا
پھر سا دا کی گئی بالکل تری
کہ محمد جس گھڑی پیدا ہوئے
سات بار ان سب نے نہلایا انھیں
غسل دیکر جسم نورانی کیا
اس لئے نکلا تھا پتلا آپ کا
علم ہر اک شے پہ ہر اک کو وہ دے
غسل کی حاجت نہ تھی اندر یہاں

غزل

غسل گل آج ہے گلشن میں خبر آئی ہے
گل میں شبنم کو لیا کر کے صبا لائی ہے
شادیانوں کے بجانے کی یہ نوبت پہونچی
کہ چمن میں گل شبو کی بھی شہنائی ہے
گل کھلا ہے یہ عجب آج خدا کے گھر میں
گویا گلشن میں نئے سر سے بہار آئی ہے
انگلیاں چٹکیں جو کلیوں کی بلائیں لیتے
زال دنیا نے کہا عمر کی افزائی ہے
سرو قد باغ میں شمشاد کھڑے ہوتے ہیں
قمریوں نے یہ غزل شوق سے جب گائی ہے
گلشن آباد ہوا اس سے کہیں مرغ چمن
کہ سدا ہم نے جو گلشن میں یہ اٹھائی ہے
مانگ یوسف تو دعا گل کے سدا آنے کی
آجکل تیری خدا کے وہاں شنوائی ہے

الف صلوا علی اولی العربی
سید الانبیاء والعجمی
بھیج لاکھوں درود اور سلام
اس مہینہ کے چاند پر تو مدام

آپ کی پھوپھی صفیہ کہتی ہیں
دوسرے پھر آپ نے کلمہ پڑھا
چوتھے نہلانا جو چاہا تو سنا
اور چھٹے مہر نبوت پشت پر
امر رب فرمان تن میں ہے بھرا
تاکہ اس فرمان تن کو دیکھکر

چھ عجب چیزیں دیکھیں اس رات میں
اشہد ان لا الہ کو کہا
کہے کوئی پاک آیا مصطفےٰ
صبح کے تارے کی نسبت جلوہ گر
قول حضرت تب کلام اللہ ہوا
لائیں سب ایمان رسول اللہ پہ
راز اس مولود کا اس پر کھلا

ایک یہ کہ سجدہ حضرت نے کیا
تیسرے اک نور نے جلوہ کیا
پانچویں ختنہ کئے تھے مصطفےٰ
گویا یہ فرمان حق پر مہر تھی
جسم اک فرمان نبوت کا ہوا
کھل گیا یہ چمکے اور حسن نور
مصطفےٰ کا جو ہوا عاشق ہوا

امتی یا امتی اول کہا
آمنہ کا گھر اس سے روشن ہوا
اور نال انکا تھا قدرت سے کٹا
روح تن میں امر ربی جو ہوئی
اس سند پہ مہر کرتا ہے خدا
جو ہو دشمن اور منافق لیس ہے

غزل

ہے مولود احمد سنانے کے قابل
یہ دولت نہیں ہے چھپانے کے قابل

تڑپتا ہے دل دیکھنے کو ہمارے
دکھا دو میں گر ہوں دکھانے کے قابل

نہ دیکھی کبھی ایسی صورت پیاری
یہ صورت ہے پیار و لبھانے کے قابل

چلو آج محفل میں جھانکیں نبیؐ کو
یہ محبوب ہے دل لگانے کے قابل

شفا اپنے یوسف کو دو یا محمدؐ
مرض اب نہیں ہے بڑھانے کے قابل

الف صلوا علی اولی العربی	سید الانبیا روا لعجمی	بھیج لاکھوں درود اور سلام	اس مدینہ کے چاند پر تو مدام
راوی لکھتا ہے جب آئے مصطفےٰ	غیب سے آتی تھی ہر دم یہ ندا	دودھ ایسا جو پلائے اب تمہیں	دیں جو دنیا کی وہ پائے نعمتیں
تب لگے آپس میں لڑنے سب چرند	اور لگے تکرار کرنے سب پرند	غیب سے آواز آئی مت لڑو	یہ ملی دولت حلیمہ سعد کو
ہے یہ ثابت دودھ حضرت نے پیا	سات دن تک آمنہ خاتون کا	بعدہٗ بی بی حلیمہ کا پیا	اور وطن سے بھی ہو وہ خود جدا
تاکہ غربت اور یتیمی سے بڑھے	مرتبے اس گوہر شہوار کے	اور حلیمہ کا پیا دودھ اس لئے	تا حلیم الطبع وہ سلطان بنے
کیونکہ ہوتا ہے اثر بس دودھ کا	تن کو جو ہو دودھ سے نشو و نما	دودھ سیدھی چھاتی کا خود ہی پیا	اور الٹی کا رضاعی کو دیا
سیدھی چھاتی سے پیا دودھ اسلیے	تاکہ قوت روح کو اس سے ملے	کہ اثر ہے روح کا سیدھی طرف	اور اثر ہے نفس کا الٹی طرف
روح کو جو پرورش منظور تھی	نفس سے اسوقت میں تھی دشمنی	دو مہینے کے محمدؐ جب ہوئے	گھٹنوں گھٹنوں آپ بس چلنے لگے
تین مہ کے خود کھڑے ہونے لگے	چار مہ کے پاؤں سے پھرنے لگے	چھ مہینے کے لگے بس دوڑنے	دس مہینے کے لگے بس کھیلنے
تھا عناصر کی یہ کوشش سے عیاں	کہ انھیں اکدن میں کر دیجیے جوان	بشریت پیش نظر تھی اس لیے	ایکدن میں ایک برس کی رہ چلے
بات کرنے کا ارادہ جب کیا	کلمۂ توحید کو پہلے کہا	جب کہ قوت نطق کی پیدا ہوئی	نام پر حق کے زبان گویا کھلی
کیوں کلام حق نہو انکا کلام	کہ نکلتا انسے حق ہے لا کلام	بس اثر ہے نام میں انکے بھرا	کہ کرے بیتاب ہر اک کو سدا

غزل

زباں سے نام احمدؐ کا مرے جب دم نکلتا ہے
ہوا سے شوق سے سنکر ہر اک کا دم نکلتا ہے

نہ جانا بھید اسکا ہر کسی نے جسم انساں میں
احد احمدؐ سے دم میں کس طرح باہم نکلتا ہے

مجنوں کو راستی پر کھینچکر اسلام لاتا ہے
کہ جیسے زلف کا شانہ میں بل و خم نکلتا ہے

کلام حق ہے جو کلمہ کہ انکے منہ سے نکلا ہے
تو اس کلمہ کا معنی ہر کسی سے کم نکلتا ہے

زلیخا کیطرح یوسف نہیں ہے جو بن عشق احمدؐ میں
لگی کو جیب میں جو کرتا ہوا ماتم نکلتا ہے

الف صلوا علی ادنی العربی	سید الانبیا روا لعجمی	بھیج لاکھون درود اور سلام	اُس مدینہ کے چاند پر تو مدام
تیسرا جب کہ برس پورا ہوا	بی حلیمہ سے یہ حضرتؐ نے کہا	بھائی میرے دنکو جاتے ہین کہان	بولی جاتے ہین چرانے بکریان
بولے مین کمتر ہو نہین ابُ نسے کیا	کہ نہ مجھسے کام یہ تم نے لیا	عذر و حیلے اُنسے از بسکہ کیے	نے اُنھون نے مانا ساتھ اُنکے گئے
پس چرائین ایک مدت بکریان	بھید اسکا کب کسی پر ہی عیان	فعل اکثر انبیا نے یہ کیا	بھید اللہ کا ہے اسمین بس بھرا
ظاہرا تعلیم ہے کہ سیکھ لے	اس طرح امت کی چوپانی کرے	شرع کی لاٹھی سے تا بز دل ڈرین	اور چراگاہ جنان کی راہ لین
کیونکہ انسان بھی سکے ہیں بہتر حال	ایک کو دیکھ ایک کرتا ہے خیال	ایک دن آیا حلیمہ کا پسر	رویا اور بولا کہ جلدی بے خبر
لے گئے دو شخص آکر کوہ پر	اور کیا احمدؐ کا بس شق صدر	جب حلیمہ پہونچی اور دیکھا اُنھین	رنگ زرد اور دیدہ حیران کھین
پوچھا کیا ہی حال ای بچہ تیرا	مصطفےؐ بولے ای مادر مشفقہ	آسمان سے آنکر دو شخص نے	شق کیا سینہ مرا اس کوہ پے
دل کو دھویا آب رحمت سے میرے	اور کیا بس پاک دنیا سے مجھے	یعنی دل سے کی سیاہی کو جدا	اور دل مین نور کو میرے بھرا
اور کہا حصہ یہ تھا شیطان کا	وسوسہ شیطان کا تم سے گیا	ہاتھ پھیرا جبکہ سینہ پر مرے	چاک سینہ مل گیا چھوڑا مجھے
پس خدا نے صاف دل انکا کیا	تا بخوبی ہووے جلوہ حسن کا	کیونکہ برقعہ خاک کا گر ہو کثیف	نور باہر جیسے ہو شمع لطیف
اس لئے فانوس تن کو بس ملا	تاکہ اُس مین حسن کی ہو شے جلا	عشق کو اُس سے فزون لذت ملے	اور جہان اس نور سے روشن ہے
اس لیے حسن ملیح مصطفےؐ	کرتا تھا بے چین سب کو ظاہرا	اور حس کی چشم باطن بھی عیان	غیبیت دیکھی تھی انکو بس نہان
اس لیے حضرتؐ نے بھی ظاہر کیا	کہ انا احمدؐ بلا میم اس جگہ	بھید اُسکا اس غزل سے جان لو	کہ وہ فرماتے ہین راز عشق کو

غزل

ہر دم چشم خدا ہون متنا ہا یا ہو
دیدہ حق جلوہ نما ہون متنا ہا یا ہو

تار تنبور ہون دم سے مین بدن مین گویا
دست قدرت سے بجا ہون متنا ہا یا ہو

مین خود آمین ہون خدا مجھ مین ہے ظاہر باطن
ذات مطلق مین بنا ہون متنا ہا یا ہو

عکس آئینہ ہون اور صورت آئینہ ہون
کہ فنا اور بقا ہون متنا ہا یا ہو

فرق نقطہ کا مین رکھتا ہون پہ یکسان لیکن
نہ خدا ہون نہ جدا ہون متنا ہا یا ہو

الف صلوا علی ادنی العربی	سید الانبیا روا لعجمی	بھیج لاکھون درود اور سلام	اُس مدینہ کے چاند پر تو مدام
جب برس پچیس کے حضرت ہوئے	حسن کا آیا شباب اُس ماہ پے	خط کا ہالہ چہرہ پر پڑنے لگا	بدر کامل وہ قمر ہونے لگا
پس ابوطالب نے کی اک دن صلاح	عاتکہ سے بیت کرون انکا نکاح	بولے بوطالب محمدؐ مصطفےؐ	گر رکھین تکلیف اپنے پر روا
کہ خدیجہ کا تجارت کے لئے	مال جاتا ہے جو جانب شام کے	مصطفےؐ راضی ہوئے اس بات پے	اور خدیجہ پاس بلوائے گئے

یعنی مضغہ اور علقہ اور جنین　　ہوتے ہر چالیس دن مین کاملین
اس لئے چالیسوین سال آپ کو　　مرتبہ پہونچا نبوت کا ستو
ایک دن غار حرا مین جبرئیل　　آپ کے پاس آ گئے رحمن جلیل
تب دبوچا لے بغل مین آپ کو　　تین بار اور یہ کہا اقرا پڑھو
اس کو کہتے ہین توجہ صوفیان　　کہ اثر روحی ہو جان کے درمیان
کی توجہ تین دن جبرئیل نے　　تھی وہ پہلے اسکا سی آپ پے
بوجھ سے وحی کے بدن لرزان ہوا　　اور ترسان گھر کو آئے مصطفےٰ
نعمت باطن کو ایسے اولیا　　دیتے ہین اپنی توجہ سے سدا
اس غزل سے جان تو اس راز کو

اور رہا اب عمر کے چالیس سال　　ہین ہر اک درجہ مین تا پایۂ کمال
آپ جو غار حرا مین پیشتر　　کرتے تھے جا کر عبادت رات بھر
اور کہا کہ تم پڑھو یا مصطفےٰ　　آپ بولے مین ہون امّی بے پڑھا
آپ نے اُسوقت اقرا کو پڑھا　　پر تمام اندام مین لرزہ پڑا
اسکو یون لکھتے ہین شہ عبد العزیز　　اُن کی جو تفسیر ہے فتح العزیز
اور القائی تھی یہ پر وہ دوسری　　اور وہ تھی اتحادی تیسری
بس ملا تاج نبوت آپ کو　　اور رسالت کا بھی خلعت آپکو
اُسکو کہتے ہین نظر اور دم عوام　　یہ تصرّف روح کا ہے اے غلام
کون سمجھے ہے نیاز و راز کو

غزل

دم سے بسا ہے ملک خدا کا تو دم سمجھ　　آدم اسے نہ سمجھے تو جا تو ہے کم سمجھ
کرتا ہے کون تجھ سے یہ دریدہ گفتگو　　سنتے ہین کان تیرے و بازیر و بم سمجھ
آنکھین دکھاتی ہین جو تماشا خدائی کا　　گر دیدہ تجھ کو ہے تو اسے جام جم سمجھ
بت کو شریک حق کا سمجھتے ہین کلمہ گو　　پر یہ کلام حق ہے کہ حق کو صنم سمجھ
آرام گر تو چاہے ہمیشہ عدم مین ہے　　یوسف وجود ہستی کو اپنی عدم سمجھ

الصلوٰۃ علی النبی العربی　　سید الانبیاء و العجمی　　بھیج لاکھون درود اور سلام　　اُس مدینہ کے چاند پر تو مدام

لکھتے ہین جو راویان باخبر　　ظاہر ہین معراج کے اکثر اثر
مرتبہ اُن کو بڑھانے کے لئے　　حق نے بلوایا انھین اسواسطے
اصل مین یہ عشق کی معراج ہی　　تم سنو کہتا ہون راز عشق سے
اور ہر اک عالم مین ہر اک تک تک　　بس اُٹھائے عشقبازی کے مزے
جیسے معشوقون کو عاشق اپنے　　لاتے ہین با عزو جاہ و کرو فر
ایک نقطہ یاد آیا اس جگہ　　لکھتا ہون مین عاشقون کے واسطے
بحر کوزے مین سما سکتا نہین　　جزو مین کل ہرگز آ سکتا نہین
کہتا عالم ہے کہ معراج نبی　　آسمان پہ جسم سے ظاہر ہوئی
قول دونونکا صحیح اور ایک ہے　　ہے تنازع لفظی یہ طرفین سے

پر حقیقت مین ہے یہ اس طور سے　　کہ محمد جب نبوت پا چکے
کہ نبی کو آگہی ہووے تمام　　اور پہچانین اُنھین سب خاص و عام
یعنی شاہ عشق نے حسن نبی　　پیدا کر کے اسکو دی جلوہ گری
عشق کو ہے وصل کی تسکین ہو　　بس بلایا اپنے گھر محبوب کو
عظمت اپنی ہین بتاتے اسلیے　　تا کہ ہو محبوب اغب جان سے
صوفی کہتا ہی کہ جسم احمدی　　کیسے آیا آسمان پر اسے امی
سیر باطن مین یہ احمد کو ہوئی　　ظاہر اک یہ ہے معراج نبی
کیونکہ جز ہے جسم جز پر جز گیا　　نور کل تو جسم کے اندر رہا
نور احمد کل ہے ایک جسم جہان　　جسم احمد اُس مین ہے مانند جان

اسلئے سایہ نہین احمد کا تھا — کہ نہین ہوتا ہی سایہ جان کا
جیسے اک مہتاب دیکھے تاب مین — ایک دیکھے تاب کو مہتاب مین
بس بھرے ہے کون کسکے درمیان — جان تو یہ بھید تا ہووے عیان
ورنہ ہی مہتاب کے اندر یہ تاب — ظاہر و باطن کا ہی یہ پیچ و تاب
جو کہ صوفی دیکھتا ہے باطنا — اور عالم دیکھتا ہے ظاہرا
ظاہر و باطن کو جو کہ جان لے

سیر جان نے جسم عالم مین کری — اس طرح تو جان معراج نبیؐ
دیکھے اک مہتاب کو نایاب مین — دیکھے پھرتی تاب اک مہتاب مین
کیونکہ کل مہتاب جز ہی اسکی تاب — تاب مین دکھتا ہی ظاہر ماہتاب
اس طرح جسم نبیؐ عالم مین ہی — ورنہ سب عالم ہے اندر جسم کے
بس یہ جانے باطنا معراج کو — اور وہ جانے ظاہرا معراج کو
اُس کو معراج محمدؐ ایک ہے

غزل

اے نور تیری عرش پر ہے ذات کی جلوہ گری — اور صفاتین فرش پر تیری کرین پیغمبری
تو آفتاب اولین اور ماہتاب آخرین — روشن ہوئی تجھ سے زمین تو عرش کا ہی مشتری
ہے نور سے تیرے جہان سارا زمین و آسمان — تو مبدہٗ کون و مکان تجھکو ہی سب سے برتری
دیکھا ہے مین نے سب کہین اکثر حسینون کے تئین — تجھسا کوئی انسان نہین تو حور ہی یا ہے پری
اے آفتاب اولین اے ماہتاب آخرین — یوسف غلام کمترین سب پر ہے تیری سروری

الحق صلوا علی النبی العربی — سید الانبیاء و العجمی
بھیج لاکھون درود اور سلام — اُس مدینہ کے چاند پر تو مدام

لکھتے ہین بس یہ راویان رازگو — ہر قسم پر قصۂ معراج کو
ایک شب ماہ رجب مین مصطفےٰ — ام ہانی کے یہان بعد از عشا
حکم پہونچا دفعتًہ جبرئیل کو — احدیت سے کہ تو اب تیار ہو
حکم آرائش کا دے ہر ایک کو — کہ ہر ایک آراستہ ہو جائے ہو
پہنے طاؤسی پرون کو ہر ملک — شمع نورانی سے روشن ہون ملک
خازن دوزخ عذاب چھوڑ کر — قفل تسکین کے لگائے در پر
اور میکائیل و اسرافیل کو — حکم دے تو اور عزرائیل کو
اور ارواح نبی و مرسلین — بس کرین آراستہ اپنے تئین
اور تو جنت مین جا کر لاک براق — اپنے ہمراہ لیکے باصد اشتیاق
کہ عوض اس کام کے تجکو عطا — اجر طاعت ہوگا لاکھون سال کا

مغز اُس قصہ کا یان لکھتا ہون مین — تا کہ خاص و عام اسکو جان لین
لیگئے تشریف تھے آرام کو — خواب مین تھے با دل بیدار وہ
آجکی شب چھوڑ طاعت اپنی تو — اور یاد خدا اپنی کر خدمت کی تو
آسمان کو کر تو اب آراستہ — اور ہر اک جنت کو کر پیراستہ
اور در جنت کو رضوان کھولدے — زیب و زینت حور و غلمان کی کرے
باد چلنے آب ہلنے سے رہے — ہر فرشتہ کام اپنا چھوڑ دے
کہ وہ ہر ایک کام اپنا چھوڑ دے — آجکی شب تیری ہمراہی کرے
اور ہر ایک پیشوائی کے لئے — اپنی اپنی جا پہ آمادہ رہے
احمد مرسل کی خدمت مین تو جا — اور بڑے اعزاز سے یان انکو لا
جبرئیل اس حکم کے سنتے اُٹھے — شوق سے اشعار یہ پڑھنے لگے

غزل

بھری ہے شکل محمدؐ کی ساری آنکھوں میں — سمائی جب سے وہ صورت پیاری آنکھوں میں
بٹھا کے لاؤں میں چشم رواں میں اب اُن کو — بجائے پتلی جو آئیں ہماری آنکھوں میں
تمھاری آنکھ نے بے چین کر دیا مجھ کو — خدا کی دید بھری ہے تمھاری آنکھوں میں
تمھاری شکل ہے پتلی تم آن کر دیکھو — تمھارا نقشہ جما ہے ہماری آنکھوں میں
نظر سے کیوں نہیں ہو مست یوسف اب انکے — رکھے ہے بادۂ وحدت خماری آنکھوں میں

الف صلوا علیٰ اولی العربی — سید الانبیار و العجمی — بھیج لاکھوں درود اور سلام — اُس مدینہ کے چاند پر تو مدام

الغرض جبریلؑ جنت میں گئے — تا براق اک لائیں حضرت کیلئے — ایک دیکھا اُن براقوں میں براق — اور کھڑا روتا ہے با صد اشتیاق
پوچھا اُس سے حال کیسا ہے ترا — بولا حبیب سے نام احمدؐ کا سُنا — کھانا پینا کچھ پسند آتا نہیں — عشق میں روتا ہوں اُنکے اے امین
اُس کو عاشق جانکر جبریلؑ نے — مصطفےٰؐ کے در پہ بس حاضر ہوئے — عشق سے بس مرتبہ حاصل ہوا — اپنے وہ معشوق سے واصل ہوا
بس یہ جانو عاشقان احمدی — کہا سے معراج میں معراج تھی — مصطفےٰؐ کا عشق جو کوئی رکھے — اُس کو معراج نبی آخر ملے

غزل

روئے احمد کا تصور چشم میں آنے تو دو — ظاہرا دیگا دکھائی دھیان جمجانے تو دو
نور احمدؐ چشم ظاہر میں عیاں ہو جائیگا — خاکپائے بوتراب آنکھوں میں بھر جانے تو دو
ساقیا باقی نہ چھوڑوں شربتِ دیدار کو — منھ تلک جام نبیؐ میرے ذرا آنے تو دو
میکشو بزم نبی میں بادۂ توحید کو — آج بھر بھر کے پئیں گے انکو بلوانے تو دو
یوسف اب عشق نبیؐ میں یہ ندید مشرب ہوا — کیا وہ سمجھاتے ہیں ہمکو آنے سمجھانے تو دو

الف صلوا علیٰ اولی العربی — سید الانبیا و العجمی — بھیج لاکھوں درود اور سلام — اُس مدینہ کے چاند پر تو مدام

خواب سے بیدار حضرت کو کیا — اور پیغام خدا اُن کو دیا — کہ خدا نے یاد اب تمکو کیا — تا تقرب کا انھیں دے مرتبا
بعدہٗ بیت الحرم میں لیگئے — آب زمزم سے کیا غسل آپنے — اور پہنا کر لباس جنتی — ظاہر و باطن کی زیبائش کری
جب براق اوپر ہوئے حضرت سوار — دہنے بائیں تھے فرشتے بیشمار — نور کی قندیل کو روشن وہ لے — آسمان تک روشنی کرتے چلے
آسمان پر جب ہوئے حضرت رواں — بن گئی بس دیکھو راہ کہکشاں — الغرض اس دھوم سے حضرت گئے — آسمانوں پر بڑے اعزاز سے
ہر نبی سے آسمانوں پر ملے — انکی تعظیموں سے از حد خوش ہوئے — اُس گھڑی ہر اک نبی کہنے لگا — اور غزل یہ شوق سے پڑھنے لگا

غزل

محمد پہ جان کو فدا اب کیجے گا ... درود انپہ ہر دم پڑھا کیجے گا
تڑپتا ہے دل دیکھنے کو تمھارے ... کرم یان کبھی تو کیا کیجے گا
فدا جان و دل سے ہی یوسف تمھارا
دکھا دو ہمین خاص تم اپنی صورت ... بھلا اب تو وعدہ وفا کیجے گا
چھرو کونسے جھانکے ہم چھپا چند ابھی ... نہ نظروں سے اب تم چھپا کیجے گا
نہ تم دل سے اسکو جدا کیجے گا

الف صلوٰۃ علی اولی العربی ... سید الانبیاء و العجمی ... بھیج لاکھوں درود اور سلام ... آس مدینہ کے چاند پر تو مدام

سیر کی جنت کی سب درجات کی ... سیر کی دوزخ کے پھر درکات کی
مصطفےٰ جسوقت سدرہ سے بڑھے ... بڑھکے جبرئیل عرض یون کرنے لگے
بعدہ رفرف پہ حضرت ہو سوار ... عرش کے اوپر گئے انجام کار
جبرئیل اب رہگئے کان سے کہان ... اور کوئی خدمت مین ہمدم تھا نہان
اک عروجی اک نزولی دو کمان ... ایک نقطہ پہ ملین دونون کمان
اٹھگیا پردہ دوئی کا جدھی ہان ... شکل عمرو دیکھی اک ہی عیان
پایا حسن و عشق کا وہان اصل کام ... عشقبازی کی ہوئی منزل تمام
ہر جگہ دیکھا نئے ڈھنگ کا ثواب ... ہر جگہ دیکھا نئے رنگ کا عذاب
کہ نہین بڑھنے کی اب مجکو مجال ... گر بڑھون آگے جلا دیوے جلال
نور کا اک ابر پیدا پھر ہوا ... قرب حق تک لیکیا حضرت کو گیا
قاب قوسین او ادنیٰ تک گئے ... یعنی دو گوشہ کمان کے مل گئے
دائرہ پورا ہوا بس وصل کا ... کہ ہوا اول ہوا لاآخر ہوا
یعنی پردہ آئینہ کا اٹھ گیا ... عکس بس صورت سے باہم ملگیا
خود کو خود مین دیکھکر حیران ہوئے ... یہ غزل اسوقت تب پڑھنے لگے

غزل

وصال یار سے جس دم ہوا ہمین نکلے ... مثال آئینہ صورت نما ہمین نکلے
تلاش یار مین کسون ہی ہم رہے بیہوش ... جو آیا ہوش کہ جانان ملا ہمین نکلے
ہمیشہ ماو شما مین رہے نہ یار ملا ... جو پایا یار کو ماو شما ہمین نکلے
نہین ہو فرق یہان اب سوائے نقطہ کے ... سمجھو سے اپنی خدا اور رسولا ہمین نکلے
لحاظ چاہیئے اس بات کا تجھے یوسف ... خدا کے نور سے نکلا تو کیا ہمین نکلے

ترجیع بند

جیسے آدم مین ہوا تھا نہ نشیمن نور حرم ... دم کشاکش مین ہی مابین وجود اور عدم
جبکہ دم مین ہو اظاہر کبھی ہی عدم ... مضطرب ہو کے لگا پڑھنے میں مجنون حرم

یار در خانہ و من گرد جہان می گردم

شمع فانوس کے پردہ مین ہی دیکھو ظاہر ... ایک سا جلوہ دکھاتے ہو وہ اندر باہر
جبکہ پروانہ ہوا راز دل اس کا باہر ... بیقراری سے کہا دیکھو تماشا آخر

یار در خانہ و من گرد جہان می گردم

یار کو دیکھتی پھرتی تھی نظر سر بسر جا
آئینہ اُس کے مقابل مین کہین آ جو گیا
پر نہین اس کا ذرا بھی نہین پائی تھی پتا
عکس کے ہوتے ہی دو چار لگی کہنے ہوا

یار در خانہ و من گرد جہان می گردم

ماہی تشنہ جو دریا مین پھرے ہے مضطر
ہونٹ لیتی ہے وہ جب پانی کو اوپر آ کر
ڈھونڈھتی پانی کو دریا کے ہو اندر
ڈوب جاتی ہے بس اس غم مین یہ مصرع کہکر

یار در خانہ و من گرد جہان می گردم

ذرے خورشید کی خواہش مین اڑے جاتے ہین
روزن خانہ سے جس وقت شعاع پاتے ہین
پھر نظر مین وہ کسی کے بھی نہین آتے ہین
خود چمکتے ہین زبان پر یہ سخن لاتے ہین

یار در خانہ و من گرد جہان می گردم

ایک دن پیر طریقت نے کہا مجھ سے یہ حال
جب خود آیا تو خدا سے ہوا بے پردہ وصال
تو خدا خود ہے خود آ واد کے پردہ کو نکال
اس لیے اپنی زبان پر ہوا یوسف یہ مقال

یار در خانہ و من گرد جہان می گردم

اس فنائیت نے جب پائی بقا
ایک وہ کہ کہنا مت کسے تئین
تیسرے کہ کہنا مت ہرگز ذرا
لائق اپنے فہم کے ہر اک کو ئی
آستانہ پر قدم جب کہ رکھا
بولے بوبکر اُس گھڑی صدق کا
الغرض ہر ایک اصحاب نبی

یا سب راز و نیاز کا باہم کھلا
وہ شریعت جان اب تو بالیقین
اُس کو کہتے ہین حقیقت اولیا
کرتا حاصل اس سے راز معنوی
ہلتی تھی زنجیر بستر گرم تھا
اور بولا بو الحکم کذب بکا
اس بشارت سے ہوا از بس خوشی

یعنی تین اقسام پر باتین ہین
دوسری مین اختیار ان کو دیا
پس کلام احمدی مین کل یہ بات
بعدہ علم اول آخر کا دیا
صبح کو حضرت نے جب یہ ماجرا
یہ ہوئے صدیق اس اقرار سے
فرط شادی سے ہر اک پڑھنے لگا

اُس دم اللہ نے محمد کے تئین
اس کو کہتے ہین طریقت پیشوا
ہوتی ہی ظاہر ہر اک کلمہ کے ساتھ
اور بڑے اعزاز سے رخصت کیا
بالمشافہ سب صحابہ سے کہا
وہ ہوا بو جہل اس انکار سے
اس غزل کو خود بالحان و صدا

غزل

جب سے اے حسن ازل عالم کو روشن کر دیا
جھانکنے کو دل نے اُس جہمان جانان کیلیے
شعلہ دیدار اُنکو پیش نظر تھا جو خیال
جھانکتا منظور ہے پردہ نشین کو اس لیے
حسن یوسف کا یہان ہرگز نہ ہوتا راز فاش

گل کھلایا عشق نے سینہ کو گلشن کر دیا
دیدہ منظر کر دیا مژگان کو چلمن کر دیا
خرمن موسیٰ جان ہوئی اور دل کو ایمن کر دیا
خانہ تن مین ہر اک جا دیکھو روزن کر دیا
عشق نے بن کر زلیخا چاک دامن کر دیا

الف صلوا علی الاولی العربی	سید الانبیاء و العجمی	بھیج لاکھون درود اور سلام	اُس مدینہ کے چاند پر مدام

جب سنا کفار نے یہ ماجرا
پھر مدینے سے بہت انصار نے
حسب خواہش آپ نے انصار کے

ہر طرح کا ڈر انہیں پیدا ہوا
پائی دولت آن کر اسلام سے
حکم ہجرت کا دیا اس واسطے
تب غزل ہر ایک یہ پڑھنے لگا

آپ سے پرخاش وہ کرنے لگے
جب بہت غلبہ کیا کفار نے
تا مسلمان سب مدینے کو چلیں
اور فرقت سے ہر اک کہنے لگا

ہر طرح کا رنج پہونچانے لگے
اور مسلمان رنج بس پانے لگے
اور مکہ میں نہیں ہرگز رہیں

غزل

گر مدینہ کو نکالا سر ٹپکتا جائے گا — طائر قبلہ نما سا دل پھڑکتا جائے گا
جوش حب احمدی میں ہوگیا ہوں میں شہید — حشر تک خون کا مرے قطرہ ٹپکتا جائے گا
خاک پائے احمدی ملنا مری روز وصال — تو عروسانہ مرا لاشہ مہکتا جائے گا
حسرت دیدار حضرت میں اگر میں مر گیا — قرب حق تک روئے احمد دیدہ تکتا جائے گا
گر ہوائے احمدی باغ جنان تک لے گئی — دمبدم غنچہ مرے دل کا چٹکتا جائے گا
جس کو پینا ہو پئے اب بادۂ عشق نبی — جام دل اپنا قیامت تک چھلکتا جائے گا
گر نہ یوسف غنچۂ دل وصل احمد سے کھلا — خار حسرت قبر تک دل میں کھٹکتا جائے گا

الف صلوا علی الولی العربی — سید الانبیاء و العجمی — بھیج لاکھوں درود و سلام — اس مدینہ کے چاند پر تو مدام

آپ تنہا جبکہ مکہ میں رہے
اپنے بستر پہ علی کو بس سلا
تین دن اس غار کے اندر رہے
یعنے کفاروں پہ کی از بس غزا

اور ابوبکر و علی ہمراہ تھے
ثور میں آئے وہ باحکم خدا
بعدہ وان سے مدینہ کو گئے
انکے اعمالوں کی دی انکو جزا
ہوگیا ہر ایک مالامال تب

خالی میدان بس وہ کافر دیکھ کے
آئے وہ خورشید برج ثور میں
چمکا تب خورشید با اوج کمال
کھولا دروازہ سخا و جود کا
یہ غزل پڑھنے لگے سو تشنہ لب

آپ کے در پہ ہلاکت کے لئے
تا کہ اس جا سے شرف حاصل کریں
اور کفاروں کو بتلایا جلال
دولت اسلام دی سب کو بلا

غزل

دریا تو تنگ ظرف ہے جو آپ سے بشکل پڑے — تو وہ کریم ہے کہ نہ مانگے بھی بل پڑے
بہتر ہوں کیوں نہ تیرے امورات دنیوی — جب ہو نظر خدا اپنے تو کیسے خلل پڑے
تیرے عدو کو حال تحمل اگر لکھوں — کچھ شک نہیں کہ پڑھتے ہی اسکے اچھل پڑے
تیری صفائی پختہ مزاجی کی گر لکھوں — خامہ کے منہ سے میرے سیاہی نکل پڑے
یوسف کو ہے تسلی ترے [illegible] — [illegible] بانی کے [illegible] نکل پڑے

الا صلوا علی ادنی العربی	سید الانبیاء والعجمی	بھیج لاکھوں درود اور سلام	اس مدینہ کے چاند پہ تو مدام

سراپا حضور سرور کائنات صلی اللہ علیہ وسلم

عاشقان وصفان احمد کی	ایسا لکھتے ہین سراپائے نبی	کیا لکھون انکا سراپا کیا لکھون	کہ وہ ہین حق کے مثنا کیا لکھون
قد میانہ اور موزون آپکا	کہ لبھاتا دل کو جان کو پھانستا	سر مبارک آپ کا سب سے بڑا	عقل کامل سے تھا وہ از بس بھرا
بال انکے تھے سیاہ اور بس دراز	بال بال سمین بھرا تھا حق کا راز	رنگ چہرہ کا سفید و سرخ تھا	چون گلاب الامنور ماہ سا
اور پیشانی کشادہ نوردار	گویا صفحہ نور کا تھا آشکار	اور تھین خمدار ابرو بس تکی	ظاہرا معلوم ہوتی تھین ملی
آنکھین انکی تھین بڑی سرخی بھری	آگے پیچھے دیکھتی تھین یکسی	اور سماعت آپکی تیز و صفا	خواب مین بیدار ہی مین سنتے ایک سا
بینی اونچی اور ستیسی کھڑی	گویا ہر دم رہتی تھی لب پر ہنسی	سرخ لب کشادہ دانت تھے سطور سے	ڈبیہ یاقوت سے مین گوہر بھرے
اسقدر شیرین دہن تھا آپکا	چاہ مین آب دہن جبکہ پڑا	ہے انس سے یہ روایت ظاہرا	کھارا پانی چاہ کا میٹھا ہوا
اسقدر گردن تھی حضرت کی سفید	میلی اسکے آگے تھی چاندی کی [illegible]	اسپہ تھی مہر نبوت ظاہرا	جیسے تارا صبح صادق مین کھلا
سینہ بے کینہ صفا تھا اور بڑا	گویا اسمین گنج حق کا تھا بھرا	تھا ملائم جسم اطہر در صفا	اور نہ کوئی بال اسپر تھا ذرا
کلائیے تا بزانو آپ سے	ساق پا سیدھے تھے اور باریک تھے	جسم سارا آپکا تھا نور کا	جیسے شعلہ شمع کافور کا
اس لئے اس جسم کا سایہ نہ تھا	کہ نہین ہوتا ہے سایہ شمع کا	اور پسینہ بسکہ خوشبودار تھا	کہ رکھا کرتا تھا دلہن کو بسا
جس گلی کوچے مین ہوتا تھا گذر	مہک جاتا تھا ہر اک دیوار و در	گویا سر تا پا وہ ظاہر حسن تھے	جانتے کون ہم انکو سوائے عشق کے

تضمین غزل حافظ

جہان مین کوئی نہین تیرے حسن کے مانند
تمہاری چشم دلیون پہ ہر ایک [illegible] ہشمند
کہ درد سے پاک تراحق کو ہو گیا ہے پسند
غلام نرگس مست تو تاجدار انند
خراب بادہ لعل تو ہوشیارانند

جو پوچھا مین نے صبا سے کل سنا ز رہ ناز
کہا کہ تجھکو ہنسی گر نہ تجھکو [illegible] آغاز
کہ راز فاش ہوا ہے کیسے عشق کا ہمراز
ترا صبا و مرا آب دیدہ شد غماز
دگرنہ عاشق و معشوق رازدارانند

دل طپیدہ پھنسے زلف یار مین اکثر
دلا عجیب تماشا دکھائی دے گا اگر
مثال ماہی بے آب اس مین ہین مضطر
بزیر زلف دوتا چون گذر کنی بنگر
کہ از یمین و یسارت چہ بیقرارانند

بکھیرے بال بنفشہ نے اپنے ہو غمگین
ہزار من بلبلین نالان ہین رنج مین گلچین
گلون کے زخم جگر سے ہین پیرہن رنگین
گذر اگر کنی چو صبا بر بنفشہ زار ببین
کہ از تطاول زلفت چہ سوگوار انند

اگرچہ سب کے دلون مین ہے یار کی الفت
جناب دوست مین دیکھی تری ہے خاک عزت
بجز فقیرون کے حاصل نہین ہوئی وصلت
رقیب در گذر و بیش ازین مکن نخوت
کہ ساکنان در دوست خاکسار انند

خدا کے واسطے اے رند کفر عشق کرو
خلاف بات ہے ان زاہدون کی سب یارو
ملے گی خلد تمہین اس گناہ سے نڈر رو
نصیب ماست بہشت ای خدا شناس برو
کہ مستحق کرامت گناہگار انند

چمن مین مرغ نواسنج تیرے پیش و پس
تو چلکے دیکھ تو گلشن مین اے گل نورس
کرین ہین نغمے تجھے دیکھکر جو ایکی برس
نہ من بر آن گل عارض غزل سرایم و بس
کہ عندلیب تو از ہر طرف ہزار انند

تری طلب مین ہے جولان ہر ایک کا توسن
پڑا ہون مثل سکندر رہ مین بر رنج و محن
مرا قدم نہین اٹھتا کہ راہ تا ایمن
تو دستگیر شو اے خضر پے خجستہ کہ من
پیادہ می روم و ہمرہان سوار انند

شراب عشق کو پی شوق سے ہو نیک سخن
پڑا ہے دیر کے ٹکڑون پہ کیون تو بانہم کہن
ریا کو دل سے تو کر دور بات میری سن
بیا بمیکدہ و چہرہ ارغوانی کن
مرو بصومعہ کانجا سیاہ کار انند

پھنسے ہین دام مین ان کے جو آن کر آزاد
الٰہی پیچ سے کوئی نہ ان کے ہو آزاد
رہائی کب ہوئی یوسف کو قید سے صیاد
خلاص حافظ ازان زلف تابدار مباد
کہ بستگان کمند تو رستگار انند

مناجات

اسے ہمارا جلوہ دکھا دے مصطفٰے کے واسطے
دید احمد سے خدا کی آشنائی تو ہوئی
اور دنیا مین نہ کر محتاج اور رسوا مجھے
یا محمد بہرہ دکھا دو فیض [illegible] کیواسطے
وصل کامل دست مدد تو مرتضٰی کیواسطے
ظاہر و باطن غنی کر فاطمہ کے واسطے

اور صالح کر تو میری آل کو اولاد کو — اور راہ نیک دے آل عبا کے واسطے
دوستدارون کو مرے بس دے تو حب مصطفےٰ — اور دے تو عشق اپنا اولیاؑ کے واسطے
میرا جینا اور مرنا مصطفےٰ کے ساتھ کر — اور بھی کر حشر میرا انبیاؑ کے واسطے
مرشدون کو میرے راضی رکھ تو مجھسے ای خدا — خواجگان چشت دہادی دہرا کے واسطے
یہ دعا آخر ہے یوسف کی کہ اپنی راہ مین — دے شہادت اُس شہید کربلا کے واسطے
ختم کر مولود یا نام خدا و مصطفےٰ — تاکہ ہو مقبول آلِ مصطفےٰ کے واسطے

صل یارب علی خیر الانام	الف مرۃ ثم مثلہا السلام	بھیج تو یارب درود وہم سلام	مصطفےٰ پر آل پر اسکی مدام

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ

قطعات تاریخ طبع سابق کتاب ہذا

از مورخ کامل جناب منشی بھگوان دیال صاحب عاقل ایجنٹ مطبع ہذا

گشت شایع از عنایات خدا بار ششم — ترجمان مثنوی مولوی معنوی
کلک عاقل مصرع تاریخ ہجری زد رقم — طبع شد قرآن مرتب در زبان پارسی

۱۳۳۲ھ

از جناب مولانا مولوی محمد حامد علی خان صاحب حامد شاہ آبادی محافظ عملہ تصحیح مطبع ہذا

این عجب گوہر ہست باخلاق تصوف کہ ازو — ہست جاری زعجم تا بعرب چشمہ فیض
خامۂ حامد سرگشتہ بسال طبعش — فی البدیہ نوشت ای چہ عجب چشمۂ فیض

۱۳۳۲ھ

خاتمۃ الطبع

للہ الحمد والمنۃ کہ کتاب مستطاب مستغنی الاوصاف حاوی مصالح دینی ودنیوی اعنی مثنوی حبر نبیل فاضل جلیل معرفت پناہ حقیقت آگاہ عارف باللہ حضرت مولانا جلال الدین رومی رحمۃ اللہ علیہ معروف بہ مثنوی مولوی معنوی کہ حقیقت مین بحر عرفان ہے اور متاع دین وایمان موسوم بہ پیراہن یوسفی اُردو ترجمہ مثنوی مذکور مطبع فیض منبع منشی نولکشور واقع لکھنؤ مین بہ سرپرستی ذی المجد والمحاسن عالیجناب معلی القاب اے بہادر منشی رام کمار صاحب بھارگو دام اقبالہ مالک مطبع ماہ اپریل ۱۹۲۳ء بار ہفتم بتصحیح تام واہتمام مالاکلام پی۔بی کپور سپرنٹنڈنٹ بصد حسن وخوبی طبع ہو کر مرغوب ومطبوع عالمیان ہوئی